جملہ حقوق حسب ضابطہ بصیغہ رجسٹری محفوظ ہیں

تسخیرِ حسن

المعروف

کام روپ دیس کا جادو

جسے

حکیم پیر رضا صاحب پی۔ ایچ۔ ایم نے لکھا

تقدیس مآب ڈاکٹر و حکیم مشہور عامل ایس سی، او

حسب فرمائش

مشہور عامل بکڈپو حضوری باغ روڈ محلہ محمدی ملتان شہر

بغیر مہر و دستخط مصنف کے مال مسروقہ تصور ہوگا۔

جو مانگو گے مل جائیگا

آپ جو چاہیں گے ہو جایا کریگا۔ حاکم محکوم ہو جائیں گے۔ محبوب طالب ہو جائے گا۔ غریبی امیری میں بدل جائے گی۔ مایوس مریض تندرست ہو جائیں گے۔ گمشدہ واپس آجائے گا۔ مقدموں میں لوگ کامیاب ہوں گے۔ پھانسی کے تختہ سے جسے آپ چاہیں گے اتار لیں گے یہ سب کچھ کتاب اسم اعظم کے مطالعہ سے حاصل ہو سکتا ہے کچھ عرصہ پہلے خواجہ غریب نواز نے اجمیر شریف میں چلہ کیا تھا اس کے اثر سے آس پاس کے خشک درخت ہرے ہو گئے۔ اور پھل لانے لگے اس نظارہ کو جب عوام نے اپنی آنکھوں سے دیکھا تو عوام کو بہت تعجب ہوا (۱) اگر آپ کسی مقدمہ یا بیماری میں مبتلا ہیں (۲) اگر آپ کی آمدنی کے ذرائع مسدود ہیں اور ترقی رزق کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی (۳) اگر آپ کسی کی محبت میں مبتلا ہیں اور آپکی جانب التفات نہیں کرتا (۵) اگر آپکو اولاد کی چنتا ہے اولاد ہو کر مر جاتی ہے یا نرینہ اولاد پیدا نہیں ہوتی (۶) اگر آپ کسی حاکم یا افسر کی خوشنودی کے طالب ہیں جسکی جنبش نظر آپکی سوئی ہوئی قسمت کو جگانے کی طاقت رکھتی ہے (۷) اگر آپ کے دل میں کوئی ایسی خواہش ہے جو باوجود ہزار کوششوں کے بھی پوری نہیں ہوتی تو گھبرانے کی ضرورت نہیں آج ہی ہماری کتاب اسم اعظم طلب کریں۔ اتنی خوبیوں کے باوجود اس کا ہدیہ صرف چار روپے، محصول ڈاک ایک روپیہ علاوہ، پیشگی قیمت بھیجنے پر محصول ڈاک معاف

پتہ: مشہور عامل بک ڈپو، حضوری باغ روڈ، محلہ محمدی ملتان شہر

Scanned with CamScanner

اکسیر

اکسیر اسے کہتے ہیں جو کایا پلٹ دے بوڑھے کو جوان بنا دے اور تانبے کو سونا بنا دے۔ اسی طرح عملیات حب میں سورہ شریف الفاتحہ اکسیر ہے۔ حکیم مطلق نے اس سورہ پاک میں حب کی اکسیر پیدا کی ہے۔ جو کوشش کریگا وہ اس اکسیر کو پالے گا۔ ہر ایک کا کام نہیں کہ وہ قدست کے بھید کو پا سکے۔ "سر مدعلم عشق بوالہوس راند ہند"۔

مگر بے زکوٰۃ کے اس کے اکسیری اثر کو کوئی نہیں پا سکتا۔ ایک سو بیس دن میں اسکی زکوٰۃ ادا ہوتی ہے۔ کم و بیش دنوں میں زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی پرہیز جلالی کرنا ہے۔ یعنی گوشت اور گوشت سے پیدا ہونے والی اشیاء مطلق نہ کھایئے۔ جیسے دودھ، دہی، گھی، شہد۔ موم۔ چمڑے کی جوتیاں چمڑے کی مشک اور ڈول کا پانی نہ پینا۔ بلکہ اس کنوئیں کا پانی بھی نہ پیئیں جس میں چمڑے کا ڈول پڑتا ہو۔ عورت کے پاس نہ جائے۔ چاند کی پہلی تاریخ سے عمل شروع کرے جس جگہ عمل شروع کیا جائے اسی جگہ ختم کرنا ہے۔ جگہ تبدیل نہ کرے اور جو وقت پہلے مقرر کیا ہے وہ ہی وقت آخر تک رہے دن یا رات کی قید نہیں۔ پہلے دن ہی سے عمل اس وقت شروع کرے جو آخر تک رہ سکے۔ پڑھنے کی جگہ تنہائی ہو۔ اور جگہ صاف ستھری پاکیزہ ہو۔ اگر کی تلیاں سلگتی رہیں اور عامل کے کپڑے پاک صاف عطر سے معطر ہوں۔ باوضو قبلہ رخ ہو کر پڑھیں۔ ہر مرتبہ بسم اللہ شریف سے سورۃ شروع کریں۔ اول

آخر بیٹھ تین مرتبہ درود شریف پڑھ لیا کریں اب روزانہ چار سال تک
مرتبہ سورۃ القارعہ پڑھنا۔ ایک سو بیس دن میں تعداد بارہ ہزار کی پوری
اڑتالیس ہو گی۔ (۵۲۳۴۸) اور یہی اس کی زکوٰۃ ہے۔
زکوٰۃ کے بعد روزانہ اکیس مرتبہ یہ سورہ شریف پڑھ لیا کریں تاکہ زکوٰۃ
قائم رہے اب جس کسی کو اپنی طرف راغب کرنا ہو تو صرف تین مرتبہ سورۃ القارعہ
پڑھ کر اس کی طرف پھونک مار دے یا مطلوب کا نام لے کر دعا کرے کہ الٰہی
اس سورۃ پاک کے اثر سے یہ شخص میری محبت میں گرفتار ہو جائے بس نور
اثر ہو گا اور وہ شخص مطلوب عاشق کیطرح آپکی محبت میں بے چین ہو جائیگا

استخارہ

استخارہ امر و مشاورت میں کرنا امر مسنون ہے حضور علیہ السلام صحابہ کرام
کو استخارہ کا حکم فرمایا کرتے تھے یہ استخارہ بھی مجرب ہے جب کسی کام
کے کرنے یا نہ کرنے میں انسان متردد ہوتا ہے تو باوضو باادب تمام
گیارہ مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھے۔ (اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف)
بعد ازاں اسی جگہ پر یہ نقش لکھے۔ کسی خاص قلم دوات کی ضرورت نہیں اور
اس نقش معظم کو اپنے سرہانے رکھ
کر سو جاوے۔ سونے سے قبل
کسی وقت لکھ سکتے ہو۔ بحکم خدا
اسی رات میں غیب سے آپ کو



مطلوبہ ملے گا۔ اگر اتفاق سے پہلی رات جواب نہ ملے تو اس نقش کو
ڈال کر اور دوسرے پھر حسب قاعدہ عمل کرو جواب ملے گا۔
نقش مذکور عمل کے کیا کرو اور پہلا نقش کنوئیں ڈال دیا کرو۔

ایک مجرب نقش

سورۂ اِذَا جَاءَ کا نقش نظر گرفتن کا مجرب ہے۔ ہر کام میں
کامیابی اور فتح ہوتی ہے جس شخص کے پاس یہ نقش مبارک
ہو وہ دنیا میں عزیز ہوگا۔ دشمنوں پر فتح ہوگی۔

اذا جاء	نصر اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ
نصر اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا
والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح
ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد
الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک
یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ
فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ کان
اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ کان	توابا

ترکیب یہ ہے کہ جب چاند دیکھنے پر پہلا جمعہ آئے تو طلوع آفتاب
کے بعد ایک گھنٹہ تک اس نقش معظم کو طہارت اور ادب کے ساتھ

زعفران یا ہلدی پیس کر اور اس کی روشنائی بنا کر لکھو اور پھر عطر ملا کر کے اور موم جامہ کر کے یا چاندی کے تعویذ میں بند کر کے اپنے پاس رکھو۔ گلے میں ڈالو۔ بازو سے باندھو۔ پاکٹ میں رکھو۔ غرض کہ اپنے پاس پاس رہے۔ خدا چاہے تو اس سے بہت برکت اور فتح یابی ہو گی۔

ایک خاص عمل

ایک بالکل الگ صاف پاک کمرہ پہلے سے تجویز کریں اور اُسے اگر کی بتی یا کوئی خوشبو والی شے سلگھا کر معطر کر لیں ایک احرام تیار کریں اور سفید کپڑے کی دو گدیاں ایسی ہوائیں کہ جس پر ایک آدمی پالتی مار کر آرام سے بیٹھ سکے اور اس کمرہ میں دونوں آمنے سامنے بچھا دیں دونوں میں کچھ فاصلہ رہے۔

اب نوچندی جمعرات کو یہ عمل اس طرح شروع کریں۔ کہ بعد نماز عشاء غسل کریں اور تازہ وضو کر کے احرام باندھیں اور اسی کمرے میں جا کر گدیوں سے الگ پہلے دو رکعت نماز نفل بہ نیت حضرت سیدنا خضر علیہ السلام پڑھے ہر رکعت میں سات سات مرتبہ بعد الحمد شریف انا اعطینک الخ پڑھے اور بعد سلام ایک گدی پر عامل قبلہ رو ہو کر بیٹھ جائے۔ دوسری گدی عامل کے سامنے خالی رہے گدی پر بیٹھ کر پہلے سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر یہ عزیمت پانچ سو مرتبہ پڑھے یا خواجہ خضر یا مہتر الیاس پھر بعد میں سو مرتبہ درود شریف۔ یہ عمل روزانہ

چالیس دن اسی طرح کرنا ہے۔ چالیسویں دن حضرت سیدنا خضر
علیہ السلام تشریف لاویں گے۔ عامل کوئی بات نہ کرے صرف ہاتھ کا
اشارہ کرکے بیٹھ جانے کو کہے وہ بیٹھ جائیں گے اور خود فرمائیں گے کہ مجھے
کیوں بلایا ہے۔ اب عامل ادب سے عرض کرے کہ مجھے دینی اور دنیوی
کام میں آپ کی رہنمائی کی ضرورت ہے وہ اقرار کرکے تشریف لے جائینگے
پھر ان گولیوں کو حفاظت سے رکھیں۔ مگر احتیاط رہے کہ نشانی کرلی جائے
کہ عامل جس گدی پر بیٹھا تھا اسی پر بیٹھا کرے۔ عمل پڑھتے وقت خوشبو کا
استعمال خوب رہے کسی سے ذکر نہ کیا جائے کہ میں عمل پڑھتا رہتا
ہوں۔ گوشت پیاز۔ لہسن۔ جماع سے پرہیز رہے۔ دودھ، دہی، گھی
کھا سکتے ہیں۔ نماز کی پابندی لازمی ہے۔ گالی۔ جھوٹ سے پرہیز رکھے
غرض اپنی زندگی شرعی بنائے۔ بڑی احتیاط کی ضرورت ہے۔ ذرا سی
بے احتیاطی میں عمل کے فیل ہوجانے کا اندیشہ ہے۔ چالیس دن کے بعد
روزانہ ایک سو مرتبہ صرف عزیمت پڑھ لیا کریں۔ اب کبھی اگر آنحضرت
کو بلانا مقصود ہو تو اس کمرہ میں دونوں گدیاں بچھا کر اور ایک پر آپ بیٹھ کر
صرف عزیمت ایک سو اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ آپ فوراً تشریف لائیں گے
اور جو مقصد ہوگا اس میں فوراً امداد فرمائیں گے اور صحیح مشورہ دیں گے
غسل کے واسطے جب غسل کیا جائے تو غسل وضو نفل درود شریف
خوشبو، سب سے پہلی مرتبہ کے موافق کرنا ہوں گے صرف عزیمت
میں کمی ہوجائے گی یعنی بجائے پانچ سو مرتبہ کے صرف ایک سو اکتالیس

مرتبہ پڑھنا ہو گی۔ وقت بھی بعد عشاء ہی رہیگا۔

نوچندی جمعرات اُسے کہتے ہیں کہ چاند دکھائی دینے پر جو پہلی جمعرات آئے۔ اگر چاند جمعرات کے دن دکھائی دے تو وہ نوچندی ہو گی حضرت سے گفتگو بہت ادب سے کرنا چاہیئے۔ بعض علماء نے آپ کو پیغمبر بھی مانا ہے ورنہ برگزیدہ خدا اور اولیائے کامل ہونے میں تو کوئی شبہ بھی نہیں ہے

عمل مجرب

جب کوئی شخص ناحق ستاتا ہو تو اس کو راہِ راست پر لانے کے لئے کسی بھی اتوار کے دن سے شروع کر کے اتنے دن تک یہ آیت پڑھی جائے جتنے حروف دشمن کے نام کے ہوں، اور اسی تعداد کی برابر آیت پڑھی جائے۔ جس قدر حروف دشمن کے نام کے ہوں، بعد نماز فجر یا عصر مقررہ تعداد میں پڑھ کر نامعلوم طور پر دشمن کی طرف پھونک ماردی جائے بعد نماز جب تک عمل نہ کر لیا جائے کسی سے بات نہ کی جائے۔ عمل یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم انھم یکیدون کیداً واکید کیداً ط۔ یہ تیسویں پارہ میں سورہ الطارق کے آخر میں ہے۔

نقش بواسیر

بواسیر کے واسطے خونی ہو یا بادی، یا مسے ہوں انشاء اللہ تعالےٰ

...ب دائم ہو نگے۔ بدھ کے دن یہ نقش لکھ کر اُلٹے ہاتھ کی کلائی پر
...رکھیں اور جب پاخانہ کو جائیں اور استنجا کریں تو یہ منتر پڑھتے جائیں

۴۰۱	۴۰۴	۴۰۷	۳۹۴
۴۰۶	۳۹۵	۴۰۰	۴۰۵
۳۹۶	۴۰۹	۴۰۲	۳۹۹
۴۰۳	۳۹۸	۳۹۷	۴۰۸

...ما بھونی '
...کر پھاڑا، اس
...کے پڑھنے کی کوئی
تعداد نہیں ہے۔
جب تک استنجا

کرتے رہیں۔ یہ پڑھتے رہیں خدا چاہے تو بواسیر جاتی رہے گی سات دن میں صحت ہو جائے گی اور مسّے اکیس دن میں ناپید ہو جائیں گے جب صحت ہو جائے تو پانچ فقیروں کو پیٹ بھر کر کھانا کھلائے۔

جو چاہو گے ہو جائیگا

حدیث شریف میں ہے کہ ایک مرتبہ اُم المؤمنین حضرت سلمہؓ نے عرض کیا کہ حضور مجھے ایسا عمل ارشاد فرمایئے جس سے میری دنیوی حاجات بھی پوری ہوتی رہیں اور میرا دین بھی روشن ہو آپ نے حضرت اُم سلمہؓ کو ایک عمل بتایا کہ اسے پڑھا کرو اس سے تمہاری تمام حاجتیں پوری ہوتی رہیں گی اور تمہارا دین بھی روشن رہے گا۔ حضور کے تمام ارشادات حسب وحی الٰہی ہوتے تھے یعنی یہ عمل خدائے قدوس نے حضورؐ کو تعلیم فرمایا اور حضورؐ نے اپنی امت کو عطا ...

آپ بھی حسنِ اعتقاد کے بعد نماز عشاء یا بعد نماز فجر روزانہ خصوصی خشوع سے پڑھا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دنیا کی سب حاجتیں پوری ہوں گی۔ اور حشر کے دن بھی خدائے پاک رحم فرمائے گا۔ وہ عمل یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَاَذْھِبْ غَیْظَ قَلْبِیْ وَاجِرْنِیْ مِنْ مُضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَا اَحْیَیْتَنَا۔ (روزانہ سو مرتبہ)

بیٹھی مُراد

جن کے یہاں اولاد نہ ہوتی ہو ایک پاؤ دودھ نیم گرم بیٹری پر گیارہ مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھ کر آدھا مرد پی لے اور آدھا بی بی پی لے۔ اور اسی رات کو ہم بستری کریں۔ گیارہ دن کے بعد پھر یہ ہی عمل کریں اور پھر تیسری مرتبہ گیارہ دن کے بعد ہی یہ عمل کریں خدا چاہے تو اولاد ہوگی۔

گائے بھینس یا بکری کا دودھ زیادہ کرنا

جس گائے بھینس، بکری کا دودھ کم ہو گیا ہو تو یہ نقش لکھ کر اس جانور کے گلے میں موم جامہ کر کے باندھ دیں۔

ذالک	فضل	اللہ
یؤتیہ	من	یشاء
واللہ	ذوالفضل	العظیم

چاہے تو دودھ جاری ہو جائے گا۔

برائے شفا امراض

۷۸۷

۲۴	۳۷	۳۱	۱۷
۳۰	۱۸	۲۹	۲۸
۱۹	۳۳	۲۵	۲۲
۲۶	۲۱	۲۰	۳۲
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ

جس بیمار پر آسیب کا خطرہ ہو تو یہ نقش معظم لکھ کر بیمار کے گلے میں ڈال دو بحکم خدا مرض آسیب کا اثر دور ہو جائے گا۔

بھاگا ہوا واپس آجائے گا

جب کسی کا بچہ یا آدمی بھاگ گیا ہو تو یہ نقش معظم لکھ کر نیچے اس

۷۸۷

۲۴۹	۲۵۲	۲۵۷	۲۴۲
۲۵۶	۲۴۳	۲۴۸	۲۵۳
۲۴۴	۲۵۹	۲۵۰	۲۴۷
۲۵۱	۲۴۶	۲۴۵	۲۵۸

بھاگے ہوئے یا گم شدہ کا نام لکھ کر کسی درخت پر یوں ہی کھلا ہوا باندھیں تاکہ ہوا سے ہلتا رہے۔ خدا تعالیٰ نے چاہا تو بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔ یا گم شدہ مل جائے گا۔ اگر کوئی جانور بھاگ گیا ہو یا گم ہو گیا ہو تو اس کے واسطے بھی یہ نقش لکھ سکتے ہیں نیچے اس

جانور کا نام لکھ دیں۔ مثلاً بکری۔ بھینس، گائے، گھوڑا اور اس کے بعد یہ عبارت بڑھائیں "جلد واپس آئے"۔

ایک عجیب عمل

جو شخص کسی مصیبت میں گرفتار ہو تو بعد نماز عشاء قبلہ رُخ کھڑے ہوں اور اپنے دونوں ہاتھ تکوں دراز کریں۔ پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ یہ آیت شریف خضوع و خشوع سے پڑھیں۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف ختم کر کے اس مصیبت کے دور ہونے کیواسطے دعا کریں۔ تین روز تک یہ عمل کریں۔ بحکم خدا مصیبت دور ہو گی۔

جمعہ کے دن نماز جمعہ ختم کر کے اسی جگہ بیٹھ کر ہزار مرتبہ یا عزیز پڑھ کر شیرینی پر دم کریں اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف۔ یہ شیرینی ان دونوں زن و شوہر کو کھلا دیں جن میں نا اتفاقی ہو خدا چاہے تو باہمی اتفاق ہو گا اور دل میں محبت پیدا ہو گی۔

اگر کسی کو کسی عمل سے نقصان پہنچا ہو۔ یعنی رجعت ہو گئی ہو یا کسی اور کے عمل کے اثر سے نقصان پا رہا ہو یا دیوانہ ہو گیا ہے تو بعد طلوع آفتاب اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ دعائے قنوت پڑھ کر درمیان میں ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھے۔ جو یاد ہو اس رجعت والے

کے کان میں پھونک دیں تین دن اس طرح عمل کریں خدا کے حکم سے
اس عمل کا اثر دور ہوگا۔ (خواہ سحر ہو یا جادو) اگر رجعت والا خود یہ عمل
کرے تو اس کا پڑھنا کافی ہے اس کو خود اپنے کانوں میں پھونکنے کی ضرورت
نہیں۔

نقشِ معظم

یہ نقشِ معظم ایک بزرگ کا عطیہ ہے جس بچہ کو دودھ ہضم نہ ہوتا ہو
یا کہ نظر بد کا اثر ہو یا ام الصبیان
کا اثر ہو تو اس نقش کو لکھ
کر بچے کے گلے میں ڈال
دو۔ تو بچہ کو صحت ہوگی
اور جو بچہ زیادہ روتا
ہو یا سونے میں ڈرتا ہو یا چونکتا ہو تو اس کے واسطے بھی یہ نقش خاص
اثر دکھاتا ہے۔

۷۸۶

۳۹۲	صح	ملح
۱۴۱	جبرائیل	میکائیل
۳۵۵	اسرافیل	عزرائیل
حق	حق	حق

عمل بغض

جب حضور علیہ السلام مکہ معظمہ سے مدینہ پاک ہجرت فرما رہے
تھے تو کفار مکہ نے حضور کا تعاقب کیا۔ اس سفر میں صرف سیدنا
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ رکاب سعادت میں تھے۔
ایک کافر نے جس کا نام سراقہ تھا حضورؐ کو پالیا۔ اور گھوڑے کو مہمیز

کر کے حضور کی اونٹنی قصواتک پہنچ گیا۔ سراقہ کا گھوڑا قصوا سے اسقدر قریب آیا کہ اگر سراقہ نیزہ مارے تو قصواتک پہنچ سکتا ہے۔ حضرت صدیق حضور علیہ السلام کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے آپ نے عرض کیا کہ سرکار دوالا ہم سراقہ کی زد میں آگئے۔ آپ نے یہ دعا پڑھی۔ اَللّٰھُمَّ اکْفِنَا بِمَا شِئْتَ اور روئے انور سراقہ کی طرف کر کے دم کر دیا۔ فوراً سراقہ کا گھوڑا پیٹ تک زمین میں دھنس گیا۔ یہ قصہ کسی قدر طویل ہے جس کا ذکر احادیث میں ہے یہاں صرف اس قدر بیان کرنا ہے کہ جو شخص دشمنوں کے نرغہ میں گرفتار ہو اس پر غلبہ تنگ کر دی ہو اور مقابلہ کی قوت نہ ہو تو اس دعا کو ورد کرے دشمن اپنی سزا کو پہنچیں گے اور خود ہی اپنی مصیبتوں میں گرفتار ہو جائیں گے کوئی خاص ترکیب کتب میں نہیں دیکھی گئی مگر قانون عملیات کے مانحت بعد نماز عشاء سو مرتبہ اس دعائے پاک کو پڑھ کر تصور سے دشمن کی طرف منہ کر کے پھونک دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ سات دن میں اس کا خاص اثر ہو گا۔ اور دشمن کا حال ابتر ہو جائے گا۔ حق پر کر و ناحق کسی کو نقصان نہ پہنچاؤ۔

عمل ہمزاد

ایک کنواں ایسا تلاش کرو جو ویرانہ میں ہو اور اس سے کوئی پانی نہ بھرتا ہو اور چاہے اس میں پانی نہ ہو۔ مگر کسی وقت کنواں تھا

جنگل سے پاک مٹی ..... بہت سی لائیں اور اسے احتیاط سے رکھیں
کہ آخر وقت تک کام دے۔ چاند کی پندرہ تاریخ سے یہ عمل شروع
کریں ایک کمرہ بالکل تنہا ہو آپ بالکل برہنہ ہوں کوئی کپڑا جسم پر نہ ہو۔ اور
ایک پیالہ میں تیل بھر کر اس میں موٹی سی بتی ڈال کر اسے جلا کر اپنی پیٹھ
کے پیچھے اس انداز سے رکھیں کہ آپ کا سایہ منہ کے سامنے ہو۔ اب
رگِ گردن پر نظر کرتے ہوئے آپ عمل کریں۔ اکتالیس غلولہ اس مٹی کے
بنا کر پہلے سے اپنے پاس رکھیں ہر غلولہ پر اکتالیس مرتبہ اسم پڑھیں
یا اَدا جلُھا جب سب غلولہ ختم ہو جائیں تو کپڑے پہن کر ان غلولوں کو
اس کنوئیں میں ڈال آئیں غلولہ ڈال کر پھر اس جگہ واپس آئیں اور کل
کے واسطے اکتالیس غلولہ بنا کر اس جگہ سو رہیں غلولہ ڈالنے کے واسطے
جب آپ جائیں تو آتے جاتے راستہ میں کسی سے بات چیت نہ کریں
جب اپنی جگہ واپس آکر دوسرے دن کے لیے غلولہ بنا لیں تو عمل ختم ہوا اب
آپ بات کر سکتے ہیں کھا پی سکتے ہیں مگر سونا اسی جگہ پر ہوگا۔ اگر کسی جانے
میں کسی سے بات کی یا دوسری جگہ سوئے تو پھر عمل ضائع ہو جائے گا۔
ہر قسم کا گوشت اور دودھ گھی، لہسن پیاز نہ کھائیں اس کا خاص
پرہیز ہے۔ پیالے میں تیل بھرا رہے جب کم ہو جایا کرے اسے بھر دیا کریں
اکیسویں دن ہمزاد حاضر ہوگا اس سے کوئی بات نہ کرو۔ پیالہ تیل کا بھرا
ہوا اسے دے دو۔ وہ پی لیگا۔ بس اب تمہارا تابع ہے درمیان میں اگر
کچھ واقعات پیش آئیں تو ان واقعات سے خوف ہرگز نہیں کھانا چاہیے۔

دستِ غیب

کوئی اسم بے مسمی کے نہیں ہوتا جو اسم دنیا میں مشہور ہے اس کا مسمی بھی ضرور ہے یہ علیحدہ بات ہے کہ ہم اس سے واقف نہ ہوں کسی عدم آگاہی اس شے کے عدم پر دلیل نہیں۔ دستِ غیب جب بزرگوں کی کتابوں میں ہے اور دنیا میں مشہور ہے تو اس کا وجود بھی ضروری ہے ہاں محنت اور تلاش سے مل سکتا ہے مگر اب طبائع نازک اور سہولت پسند ہیں وہ سختی برداشت نہیں کر سکتے۔ اکثر بزرگان دین کا اس پر اتفاق ہے کہ اسم اعظم یا حیّ یا قیّوم دستِ غیب ہے لیکن موہبت دستِ غیب!

"نہ زاری نہ بزور و نہ بزر مے آید"

یعنی نہ رونے اور چیخنے چلانے سے آتا ہے اور نہ قوت اور طاقت سے آتا ہے اور نہ دولت خرچ کرنے سے آتا ہے جس پر خدائے قدوس کرم کرے اس کو ہی دستِ غیب سے عطا ہوتا ہے لیکن جو عمل لکھا جا رہا ہے اگر آپ اس پر عمل کریں گے تو اس قدر فائدہ تو ضرور ہو گا کہ آپ کسی کے محتاج نہ ہوں گے۔ غیب سے ہر کام کی تکمیل ہوتی رہے گی۔

اب آپ دو چادریں بنوالیں جو سلی ہوئی نہ ہوں۔ ایک کو باندھ لیں دوسری کو کاندھے پر اوڑھ لیں سر پہ نہ ڈالیں۔ اور قبل از نماز صبح تنہائی میں بیٹھ کر ۵۰ مرتبہ اسم اعظم یا حیّ یا قیوم پڑھیں اول آخر

پانچ پانچ مرتبہ درود شریف انشاء اللہ اکیس دن میں اس کے خاص اثرات معلوم ہوں گے عمل ختم کرنے کے بعد نماز صبح پڑھیں جو صاحب نماز نہیں پڑھتے یا جو مذہبًا نہیں پڑھتے وہ طلوع آفتاب سے قبل یہ اسم پڑھ لیا کریں اگر کوئی صاحب قبل از طلوع آفتاب نہیں پڑھ سکتے وہ دن رات میں کوئی وقت فرصت کا مقرر کر کے پڑھیں یہ بھی فائدے سے خالی نہ ہوگا۔ ہاں اصل وقت قبل از طلوع آفتاب ہے عمل ختم کرنے کے بعد اپنے کپڑے پہنا کریں کوئی پرہیز اس میں نہیں ہے۔ انشاء اللہ اکیس دن میں آپ اس عمل کا خاص اثر دیکھیں گے اور پھر ذوق تماشہ آپ کو مجبور کرے گا کہ آپ اس عمل کو ہمیشہ کرتے رہیں کوئی مہینہ، دن، تاریخ شروع کرنے کا نہیں ہے۔

استخارہ

یہ استخارہ ایک خاص بزرگ کا عطیہ ہے آپ بھی اس سے برکت اور کامیابی حاصل کریں۔ اس نقش معظم کو اتوار کے دن طلوع آفتاب کے بعد ایک گھنٹہ تک باوضو قبلہ رُخ ہو کر لکھو۔ تاریخ کوئی ہو اور کسی خاص قسم دوات کاغذ کی بھی ضرورت نہیں۔ رات کو جب آپ سونے کو لیٹیں تو باوضو ہوں اور بستر بھی پاک ہو۔ اگر کوئی شے آپ کے پاس ناپاک ہو تو پھر کامیابی میں شبہ ہے بستر پر لیٹ کر نو سو چوراسی مرتبہ یا علیم یا خبیر پڑھو۔ اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف

تعداد کا خاص خیال رکھو۔ تعداد کی کمی بیشی سے عمل میں فرق آجاتا ہے۔ آپ عمل ختم کر چکے مگر بہبود نہیں آتی تو یہی عمل بہ تعداد بڑھاتے رہو یہاں تک کہ بہبود آجائے (۹۸۴) مرتبہ عمل میں داخل رہے بعد ازاں عمل میں داخل نہیں ہے۔ بعد ختم عمل خدا سے دعا کرو کہ ابھی ان اسمائے مقدس کے طفیل ہیں جو کچھ نتیجہ اس کا ہو، وہ تمہارے کام ہو اس کا نام لو۔

۱۳۶۲	۳۶۳۶	۴۸۴
۳۱۸۲	یا علیم یا خبیر	۲۲۷۰
۹۰۸	۱۸۱۶	۲۷۲۸

اس سے اطلاع ہو جائے بحکم خدا سب حال معلوم ہو گا۔ اس نقش کو اپنے سرہانے رکھو۔

محبت کا عجیب نقش

چاند دیکھنے پر جو پہلی جمعرات آئے اس کی رات میں یہ عمل کرو یعنی بدھ کا دن گذار کر جو رات آئے جس کی صبح جمعرات ہو گی اس نقش کو مشک اور زعفران سے پان پر لکھو۔ مشک دانہ برابر کافی ہے پان بڑا ہو کہ اس قدر مس کے درمیان میں یہ نقش آجائے اور پان کے گوشہ خالی رہیں اس خالی جگہ میں کتھا چونہ لگا دو اور الائچی وغیرہ ڈال کر مطلوب کو کھلا دو۔ بحکم خدا مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہو گی۔ اگر ایک مرتبہ

...ں خاص اثر نہ ہو تو دوبارہ سہ بارہ کرو اس کا اثر ہوگا۔

	۷۸۶	
	فیک	فیک
اللہ	ھم	فیک
وھو السمیع العلیم	اللہ	ھم
العلیم	وھو السمیع	اللہ



دیگر:۔ اس کے واسطے کوئی خاص دن تاریخ وقت مقرر نہیں ہے ذیل کا نقش زعفران سے کاغذ پر لکھ کر اور اسے پانی میں دھو کر (گھول کر) مطلوب کو پلاؤ اس کے دل میں محبت پیدا ہوگی۔

طسٓ ۲ کسفا صبراً ۱۷۲ لا ۱ لا لا

عمل فتح نامہ

حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے حدیث شریف میں ایک واقعہ کا ذکر ہے کہ عہد مبارک رسالت مآب میں ایک شخص ملک شام سے مدینہ منورہ تک تجارت کرتا۔ ایک مرتبہ جب شام سے واپس آرہا تھا تو ایک قزاق گھوڑے پر سوار اسے ملا چور نے اس تاجر کو روک لیا۔ چور سے تاجر نے کہا کہ اگر میرے مال کی تم کو ضرورت ہو تو لے لو چور نے جواب میں کہا کہ یہ سب مال میرا ہی تو ہے۔ میں تجھ کو قتل بھی کر دونگا

تاجر نے کہا کہ مجھے اتنی مہلت دے کہ میں نماز پڑھ لوں۔ چور نے اجازت دے دی۔ تاجر نے چار رکعت نماز پڑھی۔ آسمان کی طرف منہ کر کے یہ عمل پڑھا۔ یاودود یاودود یاذالعرش المجید یامبدء یامعید یافعال لمایرید اسئلك بنور وجهك الذی لا الہ الا انت یامغیث اغثنی۔ ناگہاں غیب سے ایک سوار ہاتھ میں ایک نیزہ لیے ہوئے آیا اور چور کو نیزہ مار کر ہلاک کر دیا پھر تاجر سے کہا کہ جب تو نے یہ دعا پڑھی تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آواز دی کہ کوئی ہے جو اس غمزدہ کی شرکت کرے بس میں تیار ہو کر چل دیا اور اس چور کے ہاتھ سے تجھ کو نجات دلائی۔ اب بھی بے گناہ جو شخص کسی مصیبت میں گرفتار ہے وہ دشمنوں کے نرغے میں گرفتار ہے تو چار رکعت نماز نفل پڑھ کر یہ دعا پڑھے تو غیب سے اس کی مدد ہوتی ہے اور دشمنوں سے نجات مل جاتی ہے۔

عمل دست غیب

ہر عمل میں اثر ہے خدا پاک کے کلام پاک اور مقدس نام میں تاثیر ہے۔ ہاں عامل دنیا میں نہیں رہے۔ اگر کوئی باہمت ہے تو یہ عمل کرے بحکم خدا اس کا اثر اپنی آنکھوں سے دیکھیگا۔

عروج ماہ میں جمعہ کے دن سے روزہ رکھنا شروع کرے اور جمعرات پر ختم کرے یعنی سات دن برابر روزہ رکھے لیکن اس درمیان

رزق حلال کھائے گناہ سے بچا رہے اور جھوٹ قطعی نہ بولے۔
نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ آیت پاک پڑھے وعدہ ہے مفاتیح الغیب
تک یہ آیت پاک قرآن شریف کے ساتویں پارہ رکوع بارہ
ہے۔ قرآن میں دیکھ کر خوب یاد کرلے زیر زبر کی غلطی نہ کرے دل
گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ایک ہزار مرتبہ اس آیت
کے پڑھنے کے بعد پھر ایک ہزار مرتبہ یا حی پڑھے پھر ایک ہزار
مرتبہ یا قیوم پڑھے۔ ساتویں دن ایک حسین عورت آئے گی یہ
عمل کی مؤکل ہے اور پانچ روپے دے گی یہ اپنی ضروریات میں
خرچ کرے یہ پانچ روپے ختم نہ ہوں گے۔ خرچ کرنے پر روپے کی گنتی
ہی نہ ہے گی یعنی جس قدر تم خرچ کرتے جاؤ گے یہ رقم خزانۂ غیب سے پوری
ہوتی جائے گی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ کوئی بے حاصرف نہ کرے۔ نہ حرام
میں خرچ کریں جو ضروری اور جائز اخراجات ہوں وہ ہی خرچ
ہے یہ عمل بزرگوں کا مجرب ہے۔

استخارہ

استخارہ: امر مسنونہ میں ہے جناب رسول علیہ السلام اصحاب کرام
استخارہ کرنے کا حکم فرمایا کرتے تھے۔ دنیا میں بہت سے خاندان ہیں
ہر خاندان کا طریقہ ذکر و فکر جدا ہے۔ منجملہ ان ہر بزرگ کا طریق
استخارہ بھی جدا ہے اسی وجہ سے بے شمار طریق استخارہ ہیں ادریس

ان میں سے چند در چند استخارہ درج کر چکا ہوں۔ فیل کا استخارہ بھی ایک خاندان کا مجرب ہے۔ رات کو دنیا کے کام سے فارغ ہو کر جب رات کو سونے کا قصد کرے تو وضو کر کے دو رکعت نماز نفل بہ نیت استخارہ پڑھو۔ پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف ایک مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھو۔ دوسری رکعت میں الحمد شریف کے تین مرتبہ قل ہو اللہ احد اخیر پڑھ کر بعد سلام ایک مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھ کر خدا تعالیٰ سے دعا کرو الٰہی فلاں کام کا جو نتیجہ ہونے والا ہے اس سے مجھے مطلع فرما۔ خدا چاہے تو رات کو یہ نتیجہ معلوم ہو گا۔ جواب نہ ملنے کی صورت میں تین راتیں برابر یہی عمل کرو۔ نتیجہ ظاہر ہو جائے گا۔

نقشِ خاص

یہ نقش آیات قرانی کے اعداد سے مرتب ہے اور نہایت سریع التاثیر ہے مختلف قسم کی ترکیبیں ہیں جن کی وجہ سے بہت سے کاموں میں اثر دکھاتا ہے ان میں سے چند ترکیبیں یہ ہیں۔

اس نقش کو بیچ کی انگلی سے زمین پر لکھو۔ اور نیچے مطلوب کا نام لکھو اور ٹھنڈے پانی کی اس قدر چھینٹے مارو کہ وہ نقش مٹ جائے۔ ایک ہفتہ روزانہ اسی طرح کرو۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب تمہاری طرف خاص توجہ دے گا۔ زمین پاک ہو اور عامل پاک ہو۔ دوسری ترکیب یہ ہے کہ اتوار کے دن سورج نکلنے کے بعد کورے مٹیکری پر

دوت میں نقش لکھ کر کھیت کے درمیان میں دفن کر دو بحکم خدا
کھیت کیڑوں سے اور ہر قسم کے آفات وبلیات سے محفوظ رہیگا
ر مقدار سے زیادہ اناج پیدا ہوگا۔

تیسری ترکیب یہ ہے کہ جن دو میاں بی بی میں نا اتفاقی ہو تو اس
قش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھو۔ اور دونوں کے نام نقش کے
نیچے لکھ دو اور پھر گلاب سے اس نقش کو دھو کر کوئی نشان اس
اغذ پر نہ رہے اب اس

۷۸۷

۸۲	۸۹	۲	۷
۶	۳	۸۶	۸۵
۸۸	۸۳	۸	۱۰
۴	۵	۸۴	۸۷

ی کو دودھ یا کسی میٹھی
شی میں ملا کر دونوں
کو کھلا دو۔ انشاء اللہ
تعالےٰ ایک ہفتہ میں
لاپ اور صلح ہو جائے نقش روزانہ لکھنا اور دھو کر پلانا ہوگا۔

چوتھی ترکیب یہ ہے۔ اگر گم ہو گیا ہو۔ یا بھاگ گیا ہو تو اس نقش کو زعفران
سے لکھو اور نقش کے نیچے گم شدہ کا نام معہ والدہ کے لکھو پھر ایک جنگلی
کبوتر کی گردن میں باندھ کر اس کبوتر کو اڑا دیں خدا چاہے تو اسی ہفتہ
میں گم شدہ مل جائے اور بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔ یہ نقش صرف
ایک ہی دن کرنا ہے

موہنی منتر

مدت درانہ گذری کہ کام روپ دیس کے ایک جوگی نے ایک

منتر عطا کیا تھا۔ اگر کسی جگہ آپ شادی کے خواہاں ہیں اور اس جگہ شادی نہیں ہوتی۔ یا کوئی عزیز دوست ناراض ہے یا کوئی عزیز دوست یا افسر خواہ مخواہ غصہ کرتا ہے یا کوئی دشمن بے سبب آپ کو نقصان پہنچا رہا ہے تو مندرجہ ذیل منتر سے کامیابی ہوگی۔ ترکیب یہ ہے

کہ پورنماشی کے دن سورج ڈوبنے کے بعد سے ایک گھنٹہ تک اس منتر کو شروع کردے ایک گھنٹہ کے بعد اس کا وقت نہ رہیگا۔ پہلے چار طلسم تیار کرے۔ طلسم دن میں کسی وقت تیار کرلے اور چار روئی کے چار فتیلہ بنائے۔ اگر مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا مل سکے تو ان چاروں فتیلوں پر لپیٹ لے۔ مطلوب کے کپڑے سے منتر میں قوت پیدا ہوگی اگر مطلوب کا کپڑا نہیں ملتا تو پھر کوئی بھی کپڑا فتیلہ پر لپیٹ لے اب مٹی کے چراغ میں چاروں فتیلہ رکھ لے چاروں کے منہ چاروں سمت کردے (پورب، پچھم، اتر، دکن) اور چراغ میں تیل ڈال کر رکھ دے۔ یہ سب کام پہلے سے کرلے اب پورن ماشی کو سورج ڈوبنے کے بعد ان چاروں بتیوں کو روشن کردے جب چاروں بتیاں جلنے لگیں تو عامل ان کے گرد گھومتا جائے اور ایک سو ایک مرتبہ یہ منتر پڑھے۔ تھوڑا سا سیندور اپنے پاس رکھے منتر پڑھتے ہوئے اور چراغ کے گرد گھومتے ہوئے ایک چٹکی سیندور کی چراغ میں ڈالتے جائے۔ اب منتر ایک سو ایک مرتبہ ختم کرلیا۔ مگر بتیاں جل رہی ہیں تو جب تک چراغ کے پاس بیٹھا رہے جب تک بتیاں ختم نہ ہوں۔ اگر بتیاں جل چکیں تو مگر منتر باقی ہے تو

منتر باقی ہے تو منتر کی تعداد ختم کر دے۔ تو منتر ختم ہو گیا اور بتیاں جل
ہی ہیں تو چراغ کے پاس بیٹھ جائے۔ گھومنے کی ضرورت نہیں ہے
سات دن برابر عمل کرے، روزانہ چار طلسم تیار کیا کرے وقت روزانہ
ہی رہیگا۔ یعنی سورج ڈوبنے سے ایک گھنٹہ تک جس جگہ یہ منتر
کیا جائے وہاں کوئی
دوسرا نہ ہو چراغ سات
دن تک ایک ہی کافی
ہے تیل زیادہ نہ ڈالا
جائے بس بتیاں تر ہو
جائیں اور جل جائیں۔
بتیوں کا تمام تیل جل جانا
شرط ہے۔ اگر کسی وجہ سے کوئی بتی بجھ جائے تو دوبارہ جلا سکتے
ہیں منتر وہ ہی ہے جو اس طلسم کے درمیان لکھا ہوا ہے یہی پڑھا جائیگا
اگر مطلوب کی والدہ کا نام معلوم نہ ہو سکے تو صرف مطلوب کا نام لو۔ اگر
مطلوب کی ماں کا نام تو طالب بھی اپنی ماں کا نام شامل نہ کرے صرف
نام کافی ہے۔

تن من بھسم کرے موہنی، من بھسم کرے
موہنی، ہردے میں ہوک ہوک، ترپت
ترپت، رین گزارے، بھور بھے میرے
دوارے فلاں بن فلاں (نام مطلوب معہ والدہ)
فلاں بن فلاں (نام طالب معہ والدہ)
کی ریت کھاوے

ایک خاص عمل

یہ نقش جفر کی اکثر کتابوں میں لکھا ہے اور نہایت معتبر ہے

روزانہ یہ عمل کرنا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ عمل ختم نہ ہوگا کہ دشمن کی زبان بند ہو جائے گی۔ اور آپ اس کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

عمل تسخیر ہمزاد

اس عمل میں گوشت اور انڈا بالکل نہ کھایا جائے۔ دودھ، دہی گھی اور ہر شے کھا سکتے ہیں۔ اس عمل کے تین چلے ہیں اور چالیس دن کا ہر ایک چلہ ہے یعنی ایک سو بیس دن یہ عمل کرنا ہے۔ عمل کا وقت رات کے بارہ بجے کے بعد سے صبح کی نماز تک ہے۔ اس کے علاوہ اور کسی وقت نہیں پڑھنا۔ دریا، تالاب، نہر پر پڑھا جائے گا اگر کسی جگہ دریا، تالاب، یا نہر نہ ہو تو کنوئیں میں پاؤں لٹکا کر پڑھ سکتے ہیں مگر بہتر دریا کا کنارہ ہے۔ عمل پڑھتے وقت کوئی دوسرا آدمی آپ کے قریب نہ ہو۔ پہلے چلہ میں صرف اس قدر آپ کو معلوم ہوگا کہ اس بات کو محسوس کریں گے اور ہر وقت یہ معلوم ہوگا کہ کوئی چیز میرے ساتھ ہے صورت کوئی نظر نہیں آئے گی۔ پس اس قدر معلوم ہوگا کوئی دوسرا آدمی میرے ساتھ ہے۔

دوسرے چلہ میں یہ ہوگا کہ جب سوال آپ لکھ کر دیں گے اس ایک گھنٹہ کے اندر اندر اس کا جواب لکھا ہوا مل جائے گا یعنی سوال کے نیچے جواب لکھا ہوا مل جائے گا۔ مگر کوئی صورت اب بھی نظر آئے گی۔ تیسرا چلہ جس دن ختم ہوگا تو ہمزاد سامنے آجائے گا اور تابع فرمان

رہے گا۔ ایک بات اس عمل میں یہ بھی ہے کہ عامل کا غصہ بہت تیز ہو جاتا ہے عامل خود کو اپنے قابو میں رکھے۔ اگر اتفاق سے کوئی صورت بھی سامنے آجائے تو مطلق خوف نہ کریں اپنا عمل پڑھتے رہیں یہ عمل روزانہ ایک ہزار چوبیس (۱۰۲۴) مرتبہ پڑھنا ہوگا۔ اس میں حصار کی کوئی ضرورت نہیں ہے عمل یہ ہے۔

اللہ یا دستا، محمد ہے وزیر علی کارداں دیوان دستگیر

سب ترکیب لکھ دی ہے اپنے دل سے سوال پیدا کر کے جواب طلب کریں

عمل کشف القبور

بعض اصحاب عمل کشف القبور کے متلاشی رہتے ہیں۔ اہل دل پر پوشیدہ نہ رہے کہ کشف القبور کوئی مشکل مقام نہیں ہے ہر شخص ایک دن سے تین دن تک کیفیات باطنہ نظر آسکتی ہیں البتہ چند حجابات ایسے ہیں کہ جن کے رفع کرنے میں عمر گذر جاتی ہے اور یہی وہ کام ہے جسے سہل ممتنع کہتے ہیں۔ کشف القبور ایک طرف اس قدر آسان ہے کہ تین دن کے اندر بہت کچھ نظر آنے لگتا ہے اور دوسری طرف اس قدر مشکل ہے کہ سالہا سال کی ریاضت اور مجاہدہ سے بھی اصل حال معلوم نہیں ہوتا۔ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے۔

اگر عامل کا دل مصفا نہیں ہے تو شیطان متمثل اور متشکل ہو کر تماشا دکھاتا ہے اور عامل لوگ اسے حقیقت جان کر اصل مان لیتے ہیں

دوسری شکل اس میں یہ ہے کہ اگر صاحب قبر مقبولِ خدا ہے اور اولیاء اللہ میں شامل ہے تو وہ کشف حقیقی ہو گا اگر معتوب ہے اور مقبول نہیں ہے تو شیطان کو فریب دینا ہے اس میں اس قدر عقل ہونا ضروری ہے کہ وہ اصل اور نقل میں تمیز کر سکے حال کا صاف باطن اور صاحب قبر کا بھی مقبول ہونا۔ یہ کسی کو معلوم نہیں کہ مرتے وقت خدا اور بندہ کے درمیان کیا ربط کیا معاملہ رہا۔ یہ عمل بہت ہی مجرب اور معتبر ہے کہ باوضو درود شریف پڑھتا ہوا مزار میں داخل ہو اور صاحب مزار کی طرف منہ کر کے دو زانو بیٹھے۔ پھر ایک مرتبہ الحمد شریف، پھر تین مرتبہ قل ہو اللہ شریف پھر تین مرتبہ سورہ فلق پھر تین مرتبہ سورہ ناس پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر صاحب مزار کی رُوح کو ثواب پہنچا دے۔

اب آنکھیں بند کر کے ہمہ تن صاحب مزار کی روح کی طرف متوجہ ہو جائے کم از کم اسی طرح ایک گھنٹہ مراقبہ میں مستغرق رہے جب خیال اچٹ جائے تو فوراً درود شریف پڑھنے لگیں اور آنکھیں کھول دیں۔ پھر دل جمعی کے ساتھ آنکھیں بند کر کے صاحب مزار کی طرف متوجہ ہو جائیں بحکم خدا پہلے دن ہی صاحب مزار کا فیض شروع ہو گا۔ اور صاحب مزار کی حالت معلوم ہو گی تین دن برابر اس عمل کے کرنے سے سب حال صاف معلوم ہو جائے گا۔ اور اس طریق پر مداومت کرنے سے صاحب مزار سے بات بھی ہو سکتی ہے۔

نقش عجیب

یہ نقش نہایت مجرب اور با اثر ہے۔ پہلے اسکی زکوٰۃ ادا کرو جو بہت آسان ہے روزانہ دن کے دو اور تین بجے کے درمیان اس نقش لکھ کر اور گولیاں بنا کر پھر آٹے میں لپیٹ کر ایسے پانی میں ڈال دو جس میں مچھلیاں ہوں لکھے ہوئے نقش روزانہ پانی میں ڈالنے کی ضرورت نہیں ہے سب دن کے جمع کر کے ایک دن ہی ڈال سکتے ہو یہ یاد رہے کہ نقش لکھنے کا وقت روزانہ ۱۲ اور ۳ کے درمیان سے پہلے عمل اور تین کے بعد وقت نہیں ہے اب یہ نقش بہت سے کام دے گا۔ مثلاً یہ نقش لکھ کر نیند دق یا شکار کی چھڑی میں باندھ لو شکار خالی نہ جائے گا۔

عبد الکریم

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

عبد الرشید — عبد الحمید

درد سر کے واسطے لکھ کر سر پر باندھو تو درد سر جاتا رہے گا۔ بخار اور لرزہ کے واسطے لکھ کر کلائی میں باندھ لو تو آرام ہو گا۔ بچوں کے گلے میں ڈالیں تو چیچک ام الصبیان اور بہت سے امراض سے حفاظت ہو گی کسی پرہیز کی ضرورت نہیں ہے۔

مجرب چٹکلہ

اگر کسی کا شوہر اپنی بی بی پر مہربان نہیں ہے۔ بی بی سے محبت نہیں کرتا تو یہ عمل اسی مقصد کے واسطے اکثر مجرب ثابت ہوا ہے جس رات کو نیا چاند دکھائی دے تو اسی رات میں بعد عشاء تین سو اکیس (۳۲۱) مرتبہ یہ شعر پڑھ کر شکر پر پھونکے اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف اس شکر کو احتیاط سے رکھو۔

دوسرے دن پھر اسی طرح یہ عمل کیا جائے اسی طرح سات راتوں کو عمل کرو شکر پہلے دن ہی والی رہے بس سات راتوں کو عمل کر کے اب یہ شکر پیسے یا کسی چیز میں ملا کر شوہر کو کھلا دیں مگر سب شکر ایک ہی مرتبہ نہ کھلا دیں بلکہ تھوڑی تھوڑی کر کے کھلائیں یا پلائیں بحکم خدا شوہر مہربان ہوگا۔ اور گھر بار سے محبت کرے گا۔ وہ عمل یہ ہے۔

لطف الذی یرفق بالاولادی
ویطرح المحبۃ فی الاکبادی

عمل حُب

یہ وہی عمل ہے کہ جس سے فرخندہ خانم زوجہ شاہ چنگیز خان کو اس عمل سے مسخر کیا تھا۔ چونکہ یہ عمل شرف قمر سے منسوب ہے۔ اسلئے نہایت زود اثر ہے۔ اگر مکمل ترکیب سے کیا جائے تو بے شبہ یہ عمل لعل

...اور کبریت احمر ہے میرے تجربہ میں آچکا ہے اور حیرت انگیز
...ہوا ہے میں اسے دیگر تمام اعمال سے زیادہ معتبر اور مستند سمجھتا ہوں
...پہلے شرف قمر کی حقیقت معلوم کیجئے۔ قمر کو برج ثور (برکھ) کے
...ے درجے پر شرف ہوتا ہے۔ اور قمر ایک درجہ ایک گھنٹہ باون منٹ
...طے کرتا ہے اب جس وقت قمر برج حمل سے تحویل ہو کر برج ثور میں
...ئے تو اس سے پانچ گھنٹہ باون منٹ کے بعد اس عمل کا وقت ہے مگر
...حساب تخمیناً ہے یا تو اب تحویل قمر در برج ثور کا صحیح حساب نکالیں اور
...تحویل سے چھ گھنٹے کے بعد یہ عمل کریں۔ چھ گھنٹے مکمل میں نے اس لئے
...لکھ دیئے ہیں کہ اس میں درجے طے کرنے میں کوئی شبہ نہیں رہا۔
...اب تحویل سے چھ گھنٹے گزرنے پر قمر تیسرے درجے پر آیا جو اس کا درجہ
...شرف ہے۔ بہر حال اس عمل کا تعلق مرکز شرف قمر یا لینے سے ہے اور
یہ وہی اصحاب پا سکتے ہیں جن
کو علم نجوم میں درک ہے یا کسی
صاحب علم سے تحقیق کر لیں۔
دوسری بات یہ ہے کہ اس عمل
میں ہفت در ہفت سے کام لیا
جاتا ہے اور اس کا قاعدہ یہ ہے
کہ جس قدر عدد ہوں ان میں سے
۱۶۸ عدد قانون کے خارج کر کے

۳۲	۳۸	۴۴	۱	۱۴	۲۰	۲۶
۴۰	۴۶	۳	۹	۱۵	۲۸	۳۴
۵۵	۵	۱۱	۱۷	۲۳	۲۹	۴۲
۷	۲	۱۹	۲۵	۳۱	۳۷	۴۳
۸	۲۱	۲۷	۳۳	۳۹	۴۵	۲
۱۶	۲۲	۲۵	۴۱	۴۷	۴	۱۰
۳۴	۳۰	۳۶	۴۹	۶	۱۲	۱۸

نقایا سات پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت کو پہلے خانے میں رکھ کر چال سے کرتے جائیں نقش پورا ہوگا اگر تقسیم سے کچھ باقی رہے تو اس کا یہ قاعدہ ہے کہ اگر تقسیم سے ایک باقی رہے تو خانہ ۱۴ میں ایک کا اضافہ کریں اگر دو باقی رہیں تو خانہ ۳۸ میں ۳ باقی ہوں تو خانہ ۲۹ میں ۴۰ کے واسطے خانہ ۲۲ میں ۹ کے واسطے خانہ ۱۵ میں ۱۰ کے واسطے خانہ ۸ میں ایک عدد زیادہ کریں نقش پورا ہوگا مسبع کی چال یہ ہے۔

اب آپ نے ان دونوں قواعد کو معلوم کر لیا تو اب اصلی عمل کرو۔ پہلے شرف قمر نام طالب و مطلوب معہ والدہ کے اعداد سے جمع کر کے اس میں ۳۸۴۷ کا اضافہ کریں اب اس مجموعہ میں سے ۶ عدد کم کر کے یہ ۶ عدد اپنے پاس رکھیں۔ بقایا میں سے ۱۶۸ عدد قانون کے خانج کر کے مسبع میں پڑھ کریں اور اس نقش کو قرآن شریف میں جس صفحہ پر سورہ الفجر ہو اس صفحہ پر رکھ اور قرآن پاک کو بند کر کے رکھ دیں اور سات دن تک اس کا اثر دیکھیں اگر کوئی اثر نہیں ہے تو ساتویں دن اس نقش قرآن پاک سے نکال کر کنوئیں میں ڈال دیں اور اب ان چھ عدد میں سے ایک عدد لے کر اس میزان میں بڑھا کر دوسرا نقش تیار کر کے قرآن میں اس جگہ رکھ دیں۔ اسی طرح اثر نہ ہونے پر قرآن شریف میں رکھا ہوا نقش خارج کرتے جائیں اور ایک عدد بڑھا کر نقش پڑھ کر رکھتے جائیں خدا کے حکم سے یہ عدد پورے نہ ہوں گے کہ مطلوب بے قرار ہو جائے گا اب معلوم کرو کہ جب نقش

...ہو جایا کرے تو یہ اسم نقش کے چاروں طرف لکھا کریں و لعل
...لھش سفر عسیٰ برھرۃ سطح اول مدھائی عز خود پیچ
...پیچ سمجوا یا حافظ۔
نقش سفید کاغذ پر لکھیں قلم لوہے کا نہ ہو۔ لکڑی کا قلم بنائیں۔
سیاہی معمولی ہو نقش لکھتے وقت پاکیزہ اور باوضو ہونا چاہیئے۔ اور کوئلہ
دہکا کر پاس رکھیں اس میں خوشبودار شئے ڈالتے جائیں۔

اصل عمل

عملیات قواعد و ضوابط کی زنجیروں میں اس قدر جکڑے ہوئے ہیں
کہ ان کا حل ہونا کوہ کندن ہے قسمت بھی یاور ہو تو عمل میں اثر کامل پیدا
ہو جاتا ہے ورنہ اکثر عملیات ناکام ہی ہوتے ہیں میرے پاس دن رات
خطوط آتے ہیں کہ ہم نے فلاں عمل کیا مگر کوئی اثر نہ ہوا اس سے یہ مراد
نہیں کہ عمل اثر اتفاقیہ اور شاذ و نادر ہی ہوتا ہے ہر حرف میں اثر اور
ہر عمل میں اثر کامل ہے مگر قواعد عمل اور سیارگان کا حساب اس قدر
سخت ہے کہ اس سے ہر شخص عہدہ برآ نہیں ہو سکتا۔
عمل کرنا بہت مشکل کام ہے ہر کامیابی مقاصد کے لئے واسطے
ایک سہل اور آسان عمل بیان کرتا ہوں جو قواعد کی الجھنوں سے
پاک ہے مگر اثر میں عملیات سے کہیں زیادہ ہے۔ عاملین نے ابواب
عملیات میں چاہے اس کا ذکر نہ کیا ہو مگر علما نے فضول وظائف میں

اس کا ذکر بڑی شد و مد سے کیا ہے کسی کام کے لیے نفل پڑھنا نہایت ہی پُر اثر ہے بعض نے نفلوں کی تعداد اور بعض آیات قرآن کو مخصوص کیا ہے مگر یہ بجائے خود ایک الجھن ہے اس لئے تمام قیود اور شرائط سے آزاد ہو کر صرف نفل پڑھو یعنی جب کوئی بھی مصیبت آجائے۔ یا کسی آفت ناگہانی میں پھنس جائے۔ قرضداری ہو یا بیروزگاری۔ یا کہ کاروبار بند ہو گیا ہو یا کوئی لاعلاج مرض لاحق ہو گیا ہو تو نفل پڑھنے کی کثرت کرو۔ ان نفلوں کی کوئی تعداد مقرر نہیں نہ کوئی آیات مقرر ہیں نہ کسی وقت کی پابندی ہے۔ صرف وہ اوقات جن میں شرعاً نماز منع ہے۔ یعنی آفتاب طلوع ہونے یا غروب ہونے کے وقت یا نصف النہار (ضحوائے کبریٰ) ہر وقت میں نفل پڑھ سکتے ہیں جس قدر تعداد میں زیادہ نفل پڑھو گے اسی قدر جلد اثر ہو گا۔ اس میں خدشہ یا خطرہ نہیں جس سے عمل بے اثر ہو جاتا ہے۔ دو دو رکعت ہی کی نیت سے پڑھو۔ ان نفلوں کی نیت چار اور آٹھ رکعت کی بھی ہو سکتی ہے مگر وہ طریق عبادت ہے۔ طریق عمل میں دو دو رکعت ہی کی نیت پڑھو۔ نفلوں کی نیت میں قضائے حاجت کا نام لو اللہ تعالیٰ اس سے ڈوبے ہوؤں کو نیرا تا ہے اور ٹوٹی ہوئی امیدیں جوڑتا ہے۔ دن کے وقت نفل پڑھنا نصف اثر ہے۔ رات کے پہلے حصہ میں پڑھنا اثر ہے اور رات کے آخری حصہ میں پڑھنا کامل اثر ہے۔

نفل پڑھتے وقت خشوع و خضوع پیدا کرو اور سجدہ میں زیادہ

فرمایا کرو یعنی ہر رکعت میں سجدے میں دیر تک پڑے رہا کرو۔ خدا
رحم الراحمین کی پاک ذات سے امید کامل رکھو کہ تمہارا نفل پڑھنا
بھی ضائع نہ ہوگا۔

عمل مشکل کشا

میرے کئی دوست مجھے لکھتے ہیں کہ جو عمل آپ لکھتے ہیں کیا کسی
نے کیا ہے اور آپ کے پاس اطلاع آئی ہے یہ کس قدر بے معنی بات
ہے کیا یہ ضروری بات ہے کہ اگر کسی کو کسی دوا یا عمل سے فائدہ پہنچا ہو
تو آپ کو بھی اسی طرح فائدہ پہنچیگا۔ دوا کے واسطے مزاج۔ موسم اسباب
مرض طبیعت کی یکسانیت کی ضرورت ہے ایک دوا ایک کو فائدہ کرتی
ہے دوسرے کو نقصان دیتی ہے کسی دوسرے کا تجربہ آپ کے واسطے
مفید نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح ایک شخص عمل کرتا ہے مگر کوئی بے احتیاطی
ہو جاتی ہے اور اثر نہیں ہوتا۔ آپ احتیاط کرتے ہیں مگر فائدہ ہوگا۔ میں
کوئی عمل بے ثبوت اور دلیل کے نہیں لکھا کرتا اور جب تک مجھے
یقین کامل نہ ہو جائے میں کتاب میں درج نہیں کرتا۔ بعض نادان حقیقتاً
اجہل مجھے لکھتے ہیں کہ آپ طرح طرح کے عمل لکھتے ہیں آپ اپنے واسطے
کیوں نہیں کرتے۔ میں دل میں کہتا ہوں کہتا ہوں۔

واذا خاطبھم الجاھلون قالوا سلاما۔ یعنی جب کوئی
جاہل تم سے بات کرے (یا اعتراض کرے) تو تم سلام کرلو اور کوئی جواب

نہ دو، میرے پاس آؤ۔ مجھ سے بات کرو پھر میں تم کو بتا سکوں گا کہ میں اپنے واسطے کیا کر رہا ہوں اور کیا کر چکا۔ کوئی عمل بے اثر نہیں ہوتا مگر آپ کو نہیں پاتے۔ اگر واقعی عمل کر لو تو پھر بے اثر ہونا ناممکن ہے۔

آج دنیا مالی حالت سے پریشان ہے۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ بے برکتی۔ فکریں۔ اور پریشانیاں یہ حالات اس وقت جزو زندگی بن گئے ہیں جن کے رہتے ہیں۔ سوا ان کو سوا مشکل ہے۔ میں اپنے خریداروں کو آواز دیتا ہوں اور پکارتا ہوں کہ آؤ اور خدا کے پاک کلام اور مقدس کلام کا اثر دیکھو اور یہ عمل بصد اعتقاد اور بہزار عزت و احترام پابندی سے کرو۔ تمہاری سوئی ہوئی قسمت جاگے گی۔ بگڑے ہوئے کام درست ہوں گے خدا کے یہاں دیر ضرور ہے مگر اندھیر نہیں ہے۔ تم کام کیے جاؤ۔ قدرت تمہاری بگڑی بنائے گی۔ یہ نقش قرآن پاک کی آیت مبارکہ واللہ یرزق من یشاء بغیر حساب۔ سے بحساب اعداد شمسی مثلث خالی البطن میں پُر کیا گیا ہے۔ زعفران یا ہلدی پیس کر اس کی سیاہی بناؤ۔ قلم لوہے کا نہ ہو کسی لکڑی کا قلم بناؤ خود باوضو یا اپنے مذہب کے مطابق پاک صاف ہو اور نقش پُر کرتے وقت کسی خوشبودار شی کا بخور کرتے جاؤ اور یہ نقش روزانہ بہتر پُر کیا کرو۔ اور نقش تمام

۶۴۸	۵۱۹۲	۱۹۴۴
۳۲۴۰	ہوالرزاق ذوالقوۃ المتین	۱۵۴۴
۳۸۹۶	۲۵۶۲	۱۳۹۶

ہونے پر اس کی گولیاں بنا کر اور آٹے میں لپیٹ کر ایسے پانی میں
ام ہو دیا کرو جس میں مچھلیاں ہوں اگر ایسا پانی آپ کے قریب میں نہیں
یاں دیا کرو خشک کی گولیاں بنا کر زمین میں دفن کر دیا کرو۔ (آٹے میں نہ لپیٹو)
ے تو پھر نقش کی گولیاں بنا کر زمین میں دفن کر دیا کرو۔ (آٹے میں نہ لپیٹو)
روزانہ کے لکھے ہوئے نقش روزانہ پانی میں ڈالنا یا زمین میں دفن
کرنا ضروری نہیں۔ کئی دن جمع کر کے بھی پانی میں ڈال سکتے ہیں یا زمین
میں دفن کر سکتے ہیں۔ مگر پانی میں ڈالنا زیادہ اثر رکھتا ہے اگرچہ خود
کو دو چار میل چلنا پڑے بحالت مجبوری زمین میں دفن کرنا ہے۔ خدا کے
حکم سے اگر آپ تلاوت کے خواہاں ہیں تو ملازمت ہے۔ اگر قرضدار ہیں تو
قرض ادا ہونے کا سامان غیب سے ہوگا۔ کوئی خاص وقت مقرر
نہیں ہے دن رات میں جو وقت فرصت کا ہو مقرر کریں۔ کوئی دن
تاریخ شروع کرنے کا بھی نہیں ہے اور کسی قسم کا پرہیز بھی نہیں ہے
تعداد ایام کوئی نہیں۔ بس روزانہ لکھے جاؤ خدائے پاک کسی کی
محنت بیکار نہیں کرتا۔

ایک عمل

قرآن پاک الحمد شریف سے لے کر والناس تک خدا کا مقدس
کلام ہے اور اس میں کسی مسلمان کو انکار نہیں ہے کہ خدا کے مقدس
کلام میں پہاڑوں کے ریزہ ریزہ کرنے کی طاقت ہے اپنی زبان میں
اثر پیدا کرو۔ دل میں خلوص اور اعتقاد پیدا کرو۔ پھر دیکھو قرآن

پاک میں کیا کچھ نہیں ہے۔ حافظ صاحبان کے سینہ میں تیس پارے پانی کی طرح جوش مار رہے ہیں، ان کے پاس اکسیر ہے مگر افسوس ہے کہ وہ اس اکسیر سے کام لینا نہیں جانتے۔ اکثر و بیشتر پریشان حال دیکھے گئے ہیں۔ قرآن پاک کے تیسویں پارے میں الم نشرح شریف ایک قدرتی خزانہ ہے اور خزانہ بھی ایسا کہ پہاڑوں کے اندر پوشیدہ نہیں جس کے حاصل کرنے کے واسطے پہاڑ کو کھودنا پڑے بلکہ دھکا ہوا خزانہ ہے آسان اور بالکل آسان۔ آپ صرف اس قدر کریں کہ اکیس دن تک روزانہ اکیس مرتبہ سورۂ پاک باطہارت بہ نیت زکوٰۃ پڑھا کریں یہ اس کی زکوٰۃ ہے۔ بعد ازاں روزانہ گیارہ مرتبہ اس سورہ پاک کو پڑھ لیا کریں۔ بحکم خدا روزی روزگار میں ترقی اور برکت ہو گی۔ عزت اور مرتبہ بلند ہو گا جس کے ہاتھ پاؤں میں درد ہو تین مرتبہ پڑھ کر دم کر دے بحکم خدا فوراً آرام ہو جائے گا۔ بے روزگار کو جلد روزگار ملے گا۔ قرضدار کا قرض ادا ہو گا۔

جو بچے تعلیم میں دل نہیں لگاتے یا کند ذہن ہیں صبح کو ایک گھونٹ پانی پر دم کر کے ایک قطرہ اس بچہ کے سینہ پر مل دو اور ایک گھونٹ اس بچہ کو پلا دو (یاد رہے کہ تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں) بحکم خدا وہ پڑھنے میں دل لگائے گا۔ اور علم اس کے واسطے پانی ہو جائے گا۔ دیگر کثیر فوائد اس سورہ شریف کے ہیں۔ پڑھو اور فیض حاصل کرو۔



کشف القبور

کسی کا حال بعد انتقال کے معلوم کرنا بزرگوں نے ایسے طریقے
بہت تحریر فرمائے ہیں۔ مگر ایسے عملیات کے واسطے عامل کا بھی
صاحب دل ہونا شرط ہے اور حقیقت یہ ہے کہ مرنے کے بعد کوئی نہیں
جان سکتا کہ اس کے ساتھ کیا معاملہ ہوا۔ یعنی مرنے والا مقبول ہے
یا معتوب ہے۔ یہ راز خدا ہی جانتا ہے۔ بعض لوگ بظاہر اچھے ہوتے
ہیں لیکن دربار خداوندی میں مقبول نہیں ہوتے۔ بعض بظاہر اچھے
نہیں ہوتے مگر مقبول ہو جاتے ہیں۔ یہ سب پروردگار عالم کے فضل و
کرم اور قہر و عتاب پر موقوف ہے۔ اگر صاحب قبر مقبول ہے تو
جلد حال معلوم ہو جاتا ہے۔ اگر معتوب ہے تو حال ظاہر نہیں ہوتا اور
اگر معاہد ہوتا ہے تو خوفناک حالت میں بہرحال کشف القبور کے
واسطے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

رات کے وقت دنیوی امور اور نماز عشاء سے فارغ ہو کر قبر کی
طرف منہ کر کے بیٹھو۔ اس طرح پشت قبلہ کی طرف رہے گی عامل کا
منہ صاحب قبر کے سینہ کے مقابل ہو۔ ایک ہزار مرتبہ صرف اللہ
الصمد پڑھو۔ اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھو۔ عمل پورا کر کے
اسی جگہ سو جاؤ۔ رات میں سب حال معلوم ہو گا۔ اگر قبر کے پاس نہیں
سو سکتے تو عمل ختم کر کے خاموش گھر میں آ جاؤ اور سو جاؤ کسی سے

بات نہ کرو اور نہ کھانا پینا کرو۔ اور نہ کوئی کام کرو۔ تین دن برابر
عمل کو کرو۔ آپ کو سب حال معلوم ہو گا۔

دست غیب

چاندی، سونا، تانبا۔ لوہا۔ جواہرات۔ درخت، پہاڑ۔ آخر
کس نے بنائے ہیں سب اسی صانع مطلق کے بے تناہ خزانوں
شعبے ہیں وہ کارساز ہے۔ کریم ہے ان داتا ہے جس کو چاہے عطا
فرمائے۔ دست غیب اسے ہے۔ اور ضرور ہے مگر عام نہیں ہے۔ خاص ہے
آج بھی کوئی خاص بن جائے تو خدا کا دست کرم حاصل کر سکتا ہے۔ گو
تبدیل ہو چکی ہے مگر خانوادے قدوس کے مقدس کلام میں اثرات ابھی ہیں
اور قیامت تک رہیں گے جو عمل لکھا جا رہا ہے یہ مجرب ہے رات کے
آخری حصہ میں اٹھو۔ وضو کرو اور دو رکعت نماز نفل بہ نیت قبول
عمل پڑھو۔ یعنی نیت اس طرح کرو کہ دو رکعت نماز نفل واسطے قبولیت
عمل ہذا کے بعد سلام سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھو۔ اللّٰھم صل
علی النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وسلم بیٹھ کر پڑھو پھر
کھڑے ہو جاؤ قبلہ کی طرف منہ کر کے دونوں ہاتھ اٹھا کر اور اپنا منہ
آسمان کیطرف کرو اور چار سو چالیس مرتبہ (۴۴۰) پڑھو۔ انا اعطیناک
الکوثر۔ بس اسی قدر پڑھو۔ تمام سورہ نہ پڑھو۔ تعداد ختم ہونے
پر بیٹھ جاؤ اور پھر سو مرتبہ وہی درود شریف پڑھو۔ پھر خدا سے دعا کرو

کا الٰہی غیب سے میرا روزینہ مقرر فرمائے۔ اکیس دن تک روزانہ اسی طرح عمل کرو۔ بحکم خدا غیب سے آپ کا روزینہ مقرر ہو جائے گا۔ کس قدر مقرر ہو یہ سب خدا کے اختیار میں ہے ہم کوئی تعداد مقرر نہیں کر سکتے۔ بس اسی قدر یقین دلاتے ہیں کہ روزینہ مقرر ہو جائے گا۔ اگر عمل کے دوران میں ہاتھ یا منہ دکھ جائے تو ہاتھ نیچے کر لو۔ منہ بھی نیچا کر لو۔ عمل پڑھنا موقوف کر دو جب تھکاوٹ دور ہو جائے تو پھر ہاتھ اور منہ اونچا کر کے پھر عمل شروع کر دو یعنی جس تعداد پر چھوڑا ہے اس کے آگے شروع کر دو۔ اور اپنے ہاتھ میں تسبیح لے لو۔

عمل خاص برائے حُب

چھپکلی دو دُم والی بھی ہوتی ہے۔ مگر بڑے تلاش اور جستجو سے میسّر ہوتی ہے ہزاروں میں کسی ایک کی دو دُم ہوتی ہے۔ اگر اتفاق سے کسی کو مل جائے تو اُسے حُب کا بے خطا عمل مل گیا ..... ہمیں زندگی بھر میں دو مرتبہ دو دُم والی ملی تھی۔ یہ اب سے کم از کم چالیس سال قبل کی بات ہے اس عمل نے فوراً اثر کیا تھا یہ سفلی عمل ہے۔ مگر اس میں خلافِ شرع کوئی بات نہیں ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ جب دو دُم والی چھپکلی مل جائے تو اس کی دم جڑ سے کاٹ دیں یعنی دونوں دُمیں کٹ جائیں۔ چھپکلی کی دم میں یہ اثر ہے کہ جب اُسے کاٹا جائے تو دیر تک وہ پھڑکتی اور رقص کرتی رہتی ہے تو جب تک وہ حرکت کرتی رہے عمل پڑھتا رہے

حضرت سلیمان کا ہدہد جائے اور فلاں کو لائے (فلاں کی جگہ مطلوب کا نام لیا جائے) اور دُم جب جنبش ختم کرے تو عمل بند کر دیا جائے۔ اور دُم کو بحفاظت رکھے۔ اب دوسرے دن سورج نکلتے وقت ساٹھ (۶۰ مرتبہ) روزانہ یہ عمل پڑھے۔ دُم سامنے عامل کے رکھی ہو اور ایک لکڑی سے دُم کو ہلاتا جائے۔ سات دن میں مطلوب بے قرار ہو جائیگا اور اس کے قلب میں محبت کا جذبہ پیدا ہو جائے گا۔ گو یہ عمل سفلی قسم کا ہے مگر حرام اور ناجائز کام کے واسطے نہ کریں۔

عمل حل مُشکلات

یہ بات اظہر من الشمس اور ابین من الامس کہ خدا کے مقدس کلام اور حضور علیہ السلام کے ارشادات میں دنیا کے عاملین و کاملین سے لاکھوں مرتبہ زیادہ اثر ہے۔ مگر خدا کے حکم کے مطابق اور حضور علیہ السلام کے ارشاد عالی کے موافق عمل کرتے اور پڑھتے ہیں۔ لیکن پھر بھی اثر نہیں ہوتا تو اس کے یہ معنی ہو سکتے ہیں کہ ہمارا یقین کامل نہیں ہے۔ ہمارے جذبات میں صداقت نہیں۔ ہمارا دل ہماری زبان پاک اور صاف نہیں ہے۔ ورنہ کوئی وجہ نہیں کہ جو خدائے قدوس کا ارشاد فرمودہ ہو، یا جو عمل حضور علیہ السلام کے موافق ہو اس میں اثر نہ ہو تاہم حیثیت بر حیثیت ہے بہر حال اسم اعظم یا جبار نہایت مستند ہے۔ یوں تو خدائے پاک کا ہر نام باعث حسنات و برکات

بزرگوں نے اس اسم کو بہت قوی الاثر پایا ہے اگر کوئی شخص
بیماری اور خواری میں گرفتار ہو۔ قرضدار ہو۔ محتاج ہو دنیا کے سب کام
بگڑ چکے ہوں غرض کہ آفت اور مصیبت میں گرفتار ہو۔ تو اسم اعظم یا جبار
کو وظیفہ بنائے۔

ترکیب یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھے۔
اگر اتفاق سے کسی وقت کی نماز قضا ہو جائے اور نماز قضا پڑھنے
کے بعد پڑھے اس طرح اسم مذکور علاوہ پانچوں نمازوں کے بعد
پڑھنے کے یعنی بعد نماز عشاء اکتالیس مرتبہ پڑھنے کے بعد دو سو
پچاس مرتبہ پڑھا کرے۔ اگر کسی وقت کی نماز قضا ہو جائے تو دوسری
نماز کے بعد بیاسی مرتبہ پڑھے اس طرح پڑھے یا جبار یہ بہت
ہی باعظمت نام ہے اس کے معنی ہیں بگڑے ہوئے کاموں کو درست
کرنے والا۔

عمل حسب

تسخیر اکسیر اعظم ہے اور جس طرح اکسیر، کیمیا نادر الوجود ہیں اسی
طرح تسخیر بھی عنقا ہے۔ تسخیر کا عمل کرنا ہر ایک کا کام نہیں۔ ہاں اگر
میاں بی بی میں کدورت ہے۔ کوئی عزیز دوست ناراض ہے کوئی
نیا کام کسی سے لینا ہے۔ بشرطیکہ کام مشکل اور خلافِ شرع نہ ہو
تو یہ عمل بہت مجرب ہے۔

جس دن نیا چاند دیکھے تو اس دن دس منٹ کے وقت میں یہ عمل کرلو پہلی تاریخ کا چاند تھوڑی دیر رہتا ہے۔ اگر چاند غروب ہو گیا تو پھر عمل کا وقت جاتا رہا۔ دوسرے مہینے کرنا ہوگا۔ پہلی رات کا چاند جب تک غروب نہ ہو اس وقت تک کر سکتے ہو۔

ترکیب یہ ہے :- کہ زعفران یا ہلدی پیس کر اس کی روشنائی بنا کر یہ نقش سفید کاغذ پر ۱۳ عدد تحریر کرو اور اپنے پاس رکھو۔ دوسرے دن روزانہ ایک نقش پر نام اس شخص کا لکھ کر دریا میں، نہر میں یا کنوئیں میں گولی بنا کر اور آٹے میں لپیٹ کر ڈال دو خدا چاہے تو اس درمیان میں وہ شخص مہربان ہو جائے گا۔ ۱۳ عدد نقش لکھنا ہیں۔

اگر آپ نے ۸، ۹ نقش لکھ لیے ہیں اور چاند غروب ہو گیا تو کوئی نقصان نہیں ہے۔ لیکن اگر دو تین یا چار یا پانچ لکھے رہتے اور چاند غروب ہو گیا تو پھر یہ نقش کام نہ دیگا۔ نقش یہ ہے تیرہ نقش کی لکیریں کھینچ کر اور ان پر بسم اللہ شریف کے عدد لکھ کر دن میں رکھیں وقت پر صرف نقش لکھیں۔ نام مطلوب پانی میں ڈالتے وقت لکھا کریں۔

۱۲۲ / ۹	ن	یا ودود
ک	ف	ج
ط	ش	د

عمل مجرب

سر میں دانتوں میں اولاد پیدا ہونے میں اگر تکلیف ہو، شقیقہ

ہو، کان میں درد ہو، بخار ہو تو اس کے واسطے یہ عمل مجرب ہے
کاغذ پر خوب موٹے قلم سے خوب بڑا کر کے یہ اسم لکھو یا سمعون
اور لوہے کی نئی کیل لو اور پہلے تین مرتبہ الم ترکیف پڑھو اور
جس جگہ درد ہو۔ اس سے متعلق حروف پر کیل اس قدر ٹھوں کو کہ وہ
کاغذ مع کیل کے زمین کے اندر دھنس جائے۔ پاک زمین میں وہ
کاغذ پر رکھو جس پر یہ اسم لکھا ہوا ہے درد سے متعلق حروف ان
اشعار سے معلوم کرو۔

درد سر دریا بزن دنداں بسین — درد زہ در میم زن فارغ نشیں
در شقیقہ عین زن در داد گوش — مرض تپ در نون اے مرد ہوش

ترجمہ :۔ اگر سر میں درد ہو تو حرف یا پر کیل ٹھوں کو۔ اگر دانت
میں درد ہو تو حرف س پر اگر اولاد پیدا ہونے میں تکلیف ہو تو حرف
میم پر درد شقیقہ (آدھے سر کا درد کے واسطے عین پر درد کان کے
واسطے حرف واؤ پر کیل گاڑھ دو۔ اگر کیل پرانی ہو تو اسے آگ میں
ڈال دیں جب وہ جل کر سرخ ہو جائے تو اس سے کام لیں
اور بخار کے واسطے حرف نون پر کیل ٹھونکو۔

عمل خاص

ایک رات جاگو اور خدا کی قدرت اور عمل کی تاثیر آنکھوں
سے دیکھو۔ آپ کسی افسر کے پاس بغرض ملازمت جا رہے ہیں

یا کسی جگہ شادی کا پیام روانہ کرنا ہے۔ یا کوئی مقدمہ ہے۔ غرضیکہ کوئی حاجت اور مقدمہ مقصد ہے تو یہ عمل کرو۔ کوئی تاریخ اور مہینہ مقرر نہیں ہے کوئی پرہیز کسی قسم کا نہیں ہے اب ترکیب عمل سنو سے معلوم کرو۔ کہ جمعرات کے دن روزہ رکھو۔ افطار اور نماز عشاء کے بعد دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھ کر ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے نو مرتبہ قل ہو اللہ شریف پڑھ کر بعد سلام پورے ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھو۔ اور پھر ایک سو مرتبہ یہ دعا پڑھو۔

اللھم اسئلك بالامین الذی تمم بھم الاسرار وجعلتھم بین العقل والروح واسئلك بھا المحیطۃ بالدم والمتحرمات للصوامت والجوامد والنواطق نموخ نموخ نموخ سلوخ سلوخ لغیرہ صفتی وکیستی وامی ولبسی وامعنی الیہ وخوفہ بالخوف الموت حتی اذا اصبح یأتی الیّ ویقضی حاجتی الواحا الوحا الساعۃ الساعۃ العجل العجل۔

بس ایک رات کا عمل ہے اگر ممکن ہو تو جمعہ کے دن صبح ہی سے اس کام میں کوشش کریں یعنی افسر سے ملو یا شادی کا پیام بھیجو۔ خدا چاہے تو کامیابی ہوگی اگر ایسا کام ہے جس میں آپ کو اختیار نہیں۔ تو جب تک اس کام کا وقت آئے روزانہ سو مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ لیا کرو۔ جب وقت آئے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ فتح ہوگی۔ مگر حق کبھی اصلے کریں

حل مشکلات

جو صاحب دنیا کی کسی مصیبت یا تکلیف میں گرفتار ہوں مثلاً قرض سے پریشان ہوں یا ملازمت نہ ملتی ہو یا روزگار نہ چلتا ہو۔ یا کسی ناحق مقدمہ میں گرفتار ہوں یا بیماری میں علاج سے اب مایوس ہو چکے ہوں۔ غرض کہ کوئی پریشانی یا مصیبت ہو تو ایک بکرا یا مینڈھا خرید کر لاؤ یا تمہارے گھر میں ہو مگر جو احکام قربانی کے ہیں وہ سب دیکھ لو۔ اب اس بکرا یا مینڈھا کو ایسی جگہ ذبح کرو کہ اس جگہ ذبح کرتے وقت کوئی دوسرا تمہارے پاس نہ ہو ذبح کرنے سے قبل ایک گڑھا کھود لو۔ اس گڑھے میں خون گرے۔ احتیاط کرو کہ ذبح کرتے وقت خون گڑھے سے باہر نہ گرے جب وہ ذبیحہ ٹھنڈا ہو جائے تو اس گڑھے کو مٹی سے پاٹ دو۔ ذبح کرتے وقت بعد تکبیر کے یہ دعا کرو۔ کہ الٰہی میری فکر اور پریشانی کا فدیہ ہے جو فکر اور پریشانی ہے جس کے واسطے آپ یہ فدیہ دے رہے ہیں اس کا نام لو۔

اب ذبیح کے چھ حصے کرو۔ اور چھ فقیروں کو تقسیم کر دو اگر حصہ کسی قدر کم و بیش ہو تو کوئی نقصان نہیں ہے۔ اندازے سے چھ حصہ کر لو۔ اور اس کی کھال۔ فروخت کر کے جو قیمت ملے اس کو بھی چھ فقیروں کو تقسیم کر دو۔ اگر اس میں بھی دو چار پیسوں کی کمی بیشی ہو جائے تو کوئی نقصان نہیں۔ مثلاً کسی کو چار آنے ملے کسی کو دو آنے ملے مگر چھ سے زیادہ کو نہ

دو۔ آپ اس ذبیحہ کا گوشت نہ کھایئے۔ نہ کوئی پیسہ اپنے پاس رکھے۔ گھر کے وہ لوگ جن کے اخراجات آپ کے ذمہ ہیں وہ بھی نہ کھائیں نہ ان کو حصہ دیا جائے۔ اس میں کچھ پڑھنا نہیں ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ وہ مشکل آسان ہو گی۔ سچی نیت اور خلوص و اعتقاد سے کام کرو۔ بحکم خدائے ذوالجلال و برکت حضور علیہ السلام آپ اس سے فیض پائیں گے۔

اسم اعظم

اسم اعظم الرحمٰن بزرگوں کا مجرب عمل ہے۔ پہلے اس اسم اعظم کی زکوٰۃ ادا کرے۔ زکوٰۃ یہ ہے۔

کہ روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس ۳۱۲۵ مرتبہ بہ نیت زکوٰۃ پڑھے کوئی پرہیز اس میں نہیں ہے۔ نہ کوئی وقت خاص مقرر ہے۔ باوضو اور صدق قلب سے پڑھا کرے۔ چالیس دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری ہو گی اور زکوٰۃ ادا ہو گی بعد زکوٰۃ روزانہ باوضو تین سو انتیس (۳۲۹) مرتبہ یہ اسم اعظم پڑھ لیا کرو۔ اس کا پڑھنے والا کبھی بھی مفلس اور محتاج نہیں یہ عمل بھی دست غیب ہے اور تسخیر کے واسطے بھی اکسیر ہے جس کسی کو اپنے اوپر مہربان کرنا ہو کسی شیریں چیز پر ۳۲۹ مرتبہ پڑھ کر اس شخص کو کھلا دے پلک مارتے ہی اس کا اثر ہوتا ہے۔ دوران زکوٰۃ میں بھی روزانہ اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھا کرو تعداد کا خاص خیال رکھو۔ اگر تعداد

کی کمی بیشی ہو گی تو عمل میں فرق آجائے گا۔

ایک خاص عمل

خدا کا پاک کلام نہ پوشیدہ ہے نہ کسی کی میراث ہے وہ سب کے واسطے ہے جو محنت کرے گا وہ پائے گا۔ سورہ شریف الم نشرح کا کھلا ہوا خزانہ ہے خلوص اور عقیدت سے ایک گوشہ میں بیٹھ کر یاد حضور روزانہ اکیس مرتبہ سورہ الم نشرح اکیس دن پڑھیں اس کی زکوٰۃ ہے بعد زکوٰۃ روزانہ گیارہ مرتبہ یہ سورۂ پاک پڑھ لیا کریں کوئی پرہیز اس میں نہیں ہے نہ کسی وقت کی پابندی ہے نہ کسی مہینہ کی پابندی ہے خدا چاہے تو روزگار میں ترقی اور برکت ہو گی عزت و مرتبہ بلند ہو گا۔ ہر شخص کی نظر میں محترم ہوں گے اگر کسی جگہ درد ہو تو تین مرتبہ درد والی جگہ پر پھونکو خدا صحت عطا فرمائے گا۔ بے روزگار کو روزگار ملیگا۔ قرضدار کا قرض غیب سے ادا ہو گا۔ جو بچہ تعلیم سے بھاگتا ہو تو صبح ایک گھونٹ پانی یا چائے یا دودھ پر تین مرتبہ یہ سورہ شریف پڑھ کر پھونکدو اس بچہ کو پلا دو اس کا ذہن روشن ہو گا یہ بالکل سادہ اور آسان عمل ہے اس کو کرو اور فیض پاؤ۔

دیوانگی کے متعلق مجرب عمل

بہت سے پاگل ہیں۔ جنونی ہیں۔ میں نے ایسے ایسے پاگل دیکھے ہیں جن کو اپنے بدن کا قطعی ہوش نہیں رہتا۔ لطافت اور کثافت کا فرق نہیں۔ ایک دیوانے کو میں نے گوبر کھاتے دیکھا۔ ایسے وارفتہ لوگوں کا علاج تو خدا کے اختیار میں ہے مرتے دم تک وہ دیوانے ہی رہے۔ لیکن بہت سے دیوانوں کو میں نے صحت پاتے بھی دیکھا قبولیت خدا کے اختیار میں ہے مگر یہ عمل بھی مجرب ہے اس سے بہت فائدہ ہوتا ہے علاوہ دیوانگی کے نظر بد اور ہر بیماری میں شفا کے واسطے یہ عمل کرو۔ پرلے درجے کی دیوانگی اور جنون کو بھی خدا صحت عطا فرماتا ہے۔ مگر نظر بد، آسیب، وہم۔ اور حواس کے گم ہونے کے واسطے یہ عمل فائدہ ہی دیتا ہے سفید کاغذ کا پرچہ اتنا لیں جس پر یہ نقش آجائے۔ اگر کاغذ بڑا ہو تو مضائقہ نہیں ہے۔ سورۃ مزمل شریف شروع کرو اور یہ کاغذ مریض کے جسم پر ملتے جائیں جب سورۃ مزمل شریف ختم ہو جائے تو اسی کاغذ پر سیاہ روشنائی سے یہ نقش لکھیں اور بتی بنا کر اس پر مریض کا پہنا ہوا کپڑا لپیٹ کر سرسوں کے تیل میں خوب تر کر کے مٹی کے

۱۰	۱۱	۱۶	خاتم سلیمانؑ
۱۳	۱۵	۱۷	یا بدوح
۱۴	۱۹	۱۲	روح اللہ

رکھ کر اس بتی کو روشن کر کے ایسی جگہ رکھ دیں کہ مریض
ں کے سامنے رہے۔ چراغ میں ذرا سا تیل ڈال دیں صرف
گھنٹوں یہ عمل کریں خدا چاہے تو اس سے شفا ہو گی۔ آسیب،
ن یا پلید روح سب کا اثر زائل ہو گا۔

علم جفر کا مجرب عمل

یہ قول بالکل صحیح ہے کہ یک در گیر محکم گیر۔ یعنی ایک دروازہ
ار میں اپنی ہر کتاب میں عمل لکھتا ہوں اکثر اصحاب کرتے ہیں بعض
امیاب ہوتے ہیں بعض کوئی فائدہ نہیں پاتے۔ فائدہ نہ پانے والے
اکثر اصحاب وہ ہوتے ہیں جو عمل کرتے ہیں اور فائدہ نہیں پاتے
کوئی عمل بے اثر نہیں ہوتا لیکن انسان سے غلطی ہو سکتی ہے۔
آپ کو جو فائدہ نہیں ہوا ہے ممکن ہے آپ سے غلطی ہوئی ہو۔ پھر
کرو۔ خدا چاہے تو کامیابی ہو گی یہ عمل مجھے بزرگوں سے پہنچا ہے
اور نہایت معتبر ہے اگر آپ یہ عمل کریں گے تو یہ حکم خدا کامیابی ہو گی
آپ کی آمدنی کم ہے خرچ زیادہ ہے۔ فکریں اور پریشانیاں گھیرے
رہتی ہیں یہ عمل کرو یہ علم جفر حصہ آثار کا بہت مجرب عمل ہے آپ
بیروزگار ہیں یا قرضہ ہے یا ملازمت نہیں ملتی تو آپ اعتقاد سے
یہ عمل کریں خدا چاہے تو آپ کی پریشانی دور ہو گی یہ عمل تجربے کا
ہے چاند دکھنے پر جو پہلی جمعرات آوے اسی رات یہ عمل شروع کریں

یعنی دن گذر کر جو رات آئے جس کی صبح کو جمعہ ہوگا۔ بعد نماز عشاء
غسل کرو۔ اور احرام باندھ لو۔ اور ایک چادر گریبان سے اوڑھ
لو۔ سر برہنہ ہو۔ تنہائی کی جگہ مصلے بچھاؤ۔ اوڑھنے والی چادر میں
عطر مل لو۔ اور عمل کی جگہ پر دو تین بتیاں اگر کی سلگھا لو۔ مصلے پر بیٹھ
کر کاغذ کے دس پرزوں پر ہر پرزہ پر ایک ایک حرف لکھو۔

ک ۔ ھ ۔ ی ۔ ع ۔ ص ۔ ح ۔ م ۔ غ ۔ س ۔ ق ۔

۲۰ ۵ ۱۰ ۷۰ ۹۰ ۸ ۴۰ ۷۰ ۶۰ ۱۰۰

یہ دسوں پرزے مصلے کے کونے کے نیچے رکھو۔ اب ایک پرزہ
ہاتھ میں لو۔ اس پرزے پر جو حرف لکھا ہے اسکے جو عدد میں اتنی
مرتبہ یہ آیت پڑھو۔ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ
الْمَنَّ وَالسَّلْوَىٰ كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ
یہ آیت پاک پارہ ۹ سورۂ اعراف میں رکوع ۱۰ پارہ پر ہے قرآن
پاک میں دیکھ کر صحیح پڑھو اس پرزے کو دوسری طرف رکھدو۔ اسی طرح
ہر پرزہ اٹھاتے جاؤ اور اس پر جو حرف ہے اس کے اعداد کے
مطابق یہ آیت پڑھتے جاؤ۔ جب دسوں پرزے ختم ہو جائیں تو
سجدے میں سر رکھکر سو مرتبہ پڑھو یا رزاق اب سجدے سے سر اٹھا کر خدا
سے دعا کرو اور نہایت عاجزی سے عرض کرو کہ الٰہی مجھے غیب سے رزق
عطا فرما۔ میری تنگدستی اور افلاس کو دور فرما۔ مجھے قرض کے بار سے
سبکدوش فرما۔ خوب آہ و زاری سے دعا کرو کہ دل میں اضطراب پیدا

ہلے اور آنکھوں میں آنسو بھر آئیں اسی طرح دس راتیں یہ عمل
ر خدا چاہے تو دس دن میں رحمت اور بخشش کے در وازے
ر کھل جائیں گے اور آپ کی زندگی سدھر جائے گی۔ خدانہ کرے
دس دن میں کوئی خاص اثر نہیں ہوا تو ایک دن ناغہ کر کے پھر
س دن کرے۔ یعنی مکمل عمل تیس دن کا ہے۔ جمعرات کی قید صرف
ہلے ہی دن کی ہے۔ میں خدا کے پاک کلام اور اپنے تجربے پر یقین
ے ہوئے وعدہ کرتا ہوں کہ بحکم خدا یہ عمل بے کار نہ ہوگا۔ تیس راتیں
ں عمل پر ختم کر دو۔ اور زندگی بھر خدا کے انعام پر اور رحمت پر فیض
تے رہو۔ میں آپ کے فائدے کے واسطے یہ عمل لکھ رہا ہوں۔ میں
پ سے خوامخواہ محنت نہیں کرانا چاہتا۔ قرآن پاک میں وعدہ ہے
جو لوگ رات کو اپنے بستروں یعنی خواب گاہوں سے الگ رہتے
ں وہ کامیاب رہتے ہیں۔ اس عمل میں ابتدا میں شاید چار گھنٹہ
گیں گے اور جب زبان پر چڑھ جائے گا تو جلد ختم ہو جائے گا۔
جناب مولائے کائنات حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں۔

ومن طلب العلا سهر اللیالی یعنی جن کو ترقی اور اعلیٰ جگہ
ی طلب ہے ان سے کہدو کہ وہ رات کو جاگا کریں۔ خدائے پاک
پ کو کامیاب فرمائے۔

سورہ یٰسین شریف کا مجرب نقش

سورہ یٰسین شریف کو قرآن پاک کا دل مانا گیا ہے بہت ہی بزرگ اور با اثر سورۃ ہے عاملین نے اس سے بہت کام لئے ہیں میں نے اس کے عدد نہیں نکالے ... مگر ایک کتاب میں تمام سورۃ مبارکہ کے اعداد ۲۱۵۰۶۵۳ لکھے ہوئے پائے۔ یہ نقش ان ہی اعداد کا ہے جس مقصد کے لئے یہ نقش لکھا جائے وہ مقصد خدائے پاک پورا کر دیگا۔ ضرورت ہے کامل اطمینان اور اعتقاد کی۔ تجربہ کے لئے یہ نقش لکھو۔ بلکہ پورے اعتقاد سے لکھو۔ سورہ یٰسین شریف کی ہر آیت ایک خاص عمل ہے گویا صورت گنجینۂ عملیات ہے۔ مجموعی طریق پر تمام سورۃ دنیا کے ہر کام کے لئے مجرب عمل ہے اور تفریق کرنے پر ہر آیت ایک خاص مقصد کے لئے حفاظ جب قرآن پاک حفظ کرتے ہیں تو بار بار تمام سورۃ پڑھتے ہیں مگر کوئی فائدہ نہیں پاتے اس لئے کہ ان کی نیت حفظ کرنے کی ہے عمل کرنے کی نیت نہیں ہوتی۔ اس زمانے میں جو مصیبت اور تکلیف عام ہے وہ ترقی کی ہے۔ کوئی بیروزگار ہے۔ کوئی قرضدار ہے کسی کو نوکری کی تلاش ہے۔ یہ شکایت عام ہے میں بھی اس بات کا حاجتمند ہوں۔ میں خدا کے احسان فراموش اور کفرانِ نعمت نہیں کرتا دونوں وقت آرام سے پیٹ بھر کر کھاتا ہوں۔ مگر آخر وقت میں ایک آرزو دل میں ہے اور خدا سے دعا کرتا ہوں کہ یہ آرزو پوری ہو جائے۔

اب میں یٰسین شریف کا نقش خالی البطن لکھتا ہوں۔ ترکیب یہ ہے
کہ بروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے دن یہ سورج طلوع ہونے کے بعد
لکھو۔ زیادہ دیر نہ ہو طلوع سے ایک گھنٹہ کے اندر لکھ لو۔ قلم لوہے یا
چاندی کا نہ ہو۔ کسی لکڑی کا بنا ہو۔ نقش یا وضو لکھو۔ اگر قبل از وقت
غسل کر لو تو اور زیادہ بہتر ہے ورنہ وضو تو ضرور ہو۔ زعفران یا ہلدی
کے پانی سے لکھو۔ ایک دو اگر بتیاں خوشبو کے لئے سلگا لو۔ یہ نقش
بہ نیت زکوٰۃ لکھو ایک ہی نقش لکھو۔ اور اسے عطر میں معطر کر کے اور
موم جامہ کر کے اپنے بازو پر باندھ لو درمیان کے خانہ خالی میں مقصد لکھو
دو چار مقصد نہ لکھو۔ صرف ایک مقصد مثلاً قرض ادا ہو، نوکری ملے
کاروبار چلے، شادی ہو جائے۔ اسی طرح بس ایک مقصد لکھو۔
اب دوسرے دن سے بائیس نقش روزانہ بطور عمل لکھا کرنا۔ یہاں
یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ دنیا عالم اسباب ہے اور کوئی شخص
سینکڑوں اور ہزاروں کا قرضدار ہے تو چند دن اتنی بڑی رقم کہاں
سے مل جائے۔ آسمان سے روپے کی بارش نہ ہو گی۔ آپ بائیس
دن روزانہ بائیس نقش لکھیں اور پھر لکھنا بند کر دیں۔ لکھے ہوئے نقوش
حفاظت سے رکھیں اور بعد کو ان کی گولیاں بنا کر اور آٹے میں لپیٹ کر
دریا، تالاب، یا نہر میں ڈال دیں۔ خدا کے حکم سے آپ اپنے مقصد
میں کامیاب ہوں گے۔ کوئی پرہیز اس میں نہیں ہے نہ روزانہ بائیس
نقش لکھنے کا کوئی وقت مقرر ہے۔ دن رات میں کسی وقت بائیس

نقش لکھ لیا کریں۔ میں سب کچھ لکھ چکا ہوں اب کوئی صاحب دل سے سوال پیدا نہ کریں۔

۱۷۹۲۲۱	۱۴۳۳۷۷۹	۵۳۷۶۶۳
۸۹۶۱۰۵	یہاں مقصد لکھئے	۱۲۵۵۴۸
۱۰۷۵۳۲۷	۷۱۶۸۸۴	۳۵۸۴۴۲

ہم اپنے کام کے لئے ہیتوں۔ بلکہ برسوں دوڑتے پھرتے ہیں پیسہ بھی خرچ کرتے ہیں اور ناکام رہتے ہیں۔ خاموش بیٹھ جاتے ہیں۔ میں نے کوئی عمل لکھا اور کسی کو فائدہ نہ ہوا تو شکایت بلکہ بعض وقت شکوہ اور شکوہ میں لعن طعن۔ میرے اختیار میں تو کچھ نہیں ہے۔ میں بتانے والا ہوں آپ کرنے والے ہیں۔ قبول کرنے والا اور مختار خدا ہے۔ میرے دل سے پوچھئے کہ میں نے کس مشکل سے اسے حاصل کیا اور سمجھا اور صحیح کیا اور لکھا۔

اعتقاد

حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ جذامی سے (جس کا بدن بگڑ گیا ہو) ایسا بھاگو، جیسے شیر سے بھاگتے ہو، لیکن خود حضور نے ایک جذامی سے بے کراہت کے کھانا کھایا۔ ایک صحابی نے عرض کیا۔ کہ آپ نے جذامی سے پرہیز کرنے کا حکم دیا ہے آپ نے فرمایا کہ جیسا اعتقاد اور بھروسہ

خدا ہو ہے اگر اتنا آپ کو بھی ہو تو پھر کوئی شے آپ کو نقصان نہیں
پہنچا سکتی۔ میرے پاس بہت سے خط آتے ہیں کہ ہم نے عمل کیا اور کامیاب
نہیں ہوئے۔ بہت بار اس حقیقت کو بیان کر چکا ہوں کہ عمل کا حقیقی
راز دعا ہے اور دعا میں یقین کامل اور مکمل بھروسہ شرط ہے مگر ہم مذبذب
رہتے ہیں کہ خدا جانے ہمیں کامیابی ہو گی یا نہ ہو گی۔ خدا کی ذات اور خدا
کے پاک کلام کے علاوہ اور کون چیز قابل اعتقاد ہو سکتی ہے جس کو خدا
پر بھروسہ نہیں وہ کسی پر بھروسہ نہیں کر سکتا۔ ہم ناکامی کی ذرا سی جھلک
دیکھ کر تاخیر پر بھی بد اعتقاد ہو جاتے ہیں۔ کامل بھروسہ یہ ہے کہ ناکامی
پر بھی خدا کی رحمت سے مایوسی نہ ہو۔ خدا اپنے بندے کا امتحان بھی لیتا
ہے۔ اگر ناکامی پر خدا کے بھروسہ میں فرق نہ آئے تو پھر کامیابی یقینی
ہے چاہے وہ مقصد کتنا ہی بڑا ہو کامل اعتقاد کے بغیر کوئی کام یا عمل
کرنے سے نہ کرنا ہی بہتر ہے اگر ناکامی پر انسان کے اعتماد اور اعتقاد
میں فرق نہ آئے تو پھر ناکامی ناممکن ہے۔

مفت کے موتی

قیمت سے چیزیں ملیں تو ان کی قدر اور حفاظت ان موتیوں سے
زیادہ ہو گی جو مفت مل جائیں۔ میں نے کتاب میں عملیات اور نقوشات
کا انبار لگا دیا ہے۔ کثرت ہر شے کو بے قدر کر دیتی ہے یہ بھی عمل اور
نقش اگر آپ کو محنت سے کوشش سے یا کچھ خرچ کر کے ملتے تو آپ

کے دل میں عزت ہوتی اور فائدہ بھی پہنچتا۔ اب جو مفت میں ملتے ہیں تو بے قدر ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اثر کم ہوتا ہے۔ ہر عمل نیت پر موقوف ہے۔ جب پہلی نظر میں وہ عزت سے گر گیا تو پھر فائدہ کیا ہو۔ میں نے یہ نقش پہلے بھی لکھا ہے کام کی چیز ہے۔ عزت کرو، قدر کرو اس سے فائدہ ہی ہوگا یہ نقش عروج ماہ میں جمعرات کے دن (مہینہ کوئی ہو) یہ نقش زعفران یا ہلدی کے پانی سے لکھو اور موم جامہ کر کے گھر کے سب چھوٹے بڑے اپنے پاس عزت سے رکھیں ایک نقش موم جامہ کر کے گھر کے کسی گوشہ میں حفاظت سے رکھیں خدا چاہے تو نظر بد۔ چیچک۔ سحر۔ جادو۔ اور ہر آفت سے حفاظت رہے گی اور دوسروں کو لکھ کر دیا کرو۔ یہ صدقہ جاریہ ہے۔ اس کی کوئی چال نہیں ہے بس اس کی نقل کرو۔

۷۸۶

اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	یاحفیظ	یاحافظ	اللہ
اللہ	یاشافی	یاوحیم	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ

دُعا کی قبولیت

میں نے کئی بار لکھا ہے کہ عالم الغیب خدا ہے پھر بھی بعض اصحاب لکھتے ہیں کہ پہلے حساب سے دیکھ لیجیے کہ کامیابی ہوگی یا نہیں۔ اول تو یہ سوال اطمینان قلب ہے اور اعتماد کے خلاف ہے اور جب اعتماد قلب اور اعتقاد نہ ہو تو کوئی عمل اثر نہیں کرتا۔ دوسری بات یہ ہے کہ عمل حقیقی

ام دعا ہے اور دعا کا تعلق خدائے قدوس سے ہے اور خدا کی مقدس ذات
ہمارے علم سے بالاتر ہے وہ محاط ہے ہم محیط ہیں۔ محیط احاط کا احاطہ کر سکے
یہ محال ہے ہم انسان ہیں اور ہمارے عمل کا اثر انسانوں تک محدود ہے۔ ہم
انسانوں کو متوثر کر سکتے ہیں۔ ان کے قلوب کو متوثر کر سکتے ہیں۔ مگر نعوذ باللہ
خدائے قدوس کو اپنے عمل کے احاطہ میں نہیں لا سکتے۔ کوئی عمل کوئی دعا
قبول کرنے اور نہ کرنے کا اسے اختیار حاصل ہے ہم اس کی مرضی کو اپنے
علم سے معلوم کریں۔ یہ محال ہے۔ ہمارے علم و عمل کی رسائی انسانوں تک
محدود ہے خدا کی ذات اس سے بالاتر ہے۔ خدا کیا کرے گا یہ کسی کو معلوم
نہیں کل یوم فی الشان یعنی ہر دن (بلکہ ہر آن) اس کی شان جدا ہے۔
خدا کے پاس کتاب ہے جو چاہے لکھ سکتا ہے اور جو چاہے میٹ سکتا
ہے اس کے ارادوں کا علم ملائکہ مقربین کو بھی نہیں۔ ہر لمحہ اس کی شان جدا
ہے جس کا تعلق دنیا سے ہو چاہے وہ کتنی ہی عظیم الشان ہستی ہو۔ علم کی
حد میں آ سکتی ہے اور ہم خدائے پاک کے کلام سے اسے متوثر کر سکتے ہیں
مگر خدائے وحدہٗ لاشریک ہماری علمی حد سے بالاتر ہے کوئی صاحب مجھ
سے یہ دریافت نہ کیا کریں کہ اپنے علم کی حد سے دیکھیے کہ ہم کامیاب
ہو لگے یا نہیں۔ ہاں یہ کہیے کہ دعا کریں کہ ہم اس عمل میں کامیاب ہوں
جب کوئی عمل شروع کرو تو کامل اطمینان قلب اور یکسوئی کے ساتھ۔ کامل
بھروسہ اور اعتماد ہو کہ خدا ضرور میری کوشش، میرے عمل، میری دعا کو منظور
کریگا بے شک وہ یجیب الدعوات ہے۔ غنی رہے غنی ہے۔ سخی ہے۔

محنت کرنے والے کا حق ضائع نہیں فرماتا۔ اور دعا مانگنے والا اس کے دربار سے محروم نہیں جاتا۔ جس کے دل میں کھٹکا وہی الکا۔ ایک نابینا در در بھیک مانگتا تھا۔ نماز کا وقت تھا۔ مسجد میں نمازی جمع تھے۔ ابھی جماعت کا وقت باقی تھا۔ لوگ باتیں کر رہے تھے۔ اور اتفاق سے کھانے کا ذکر تھا۔ نابینا نے سمجھا کہ کھانا ہے وہ بھیک کی آواز دینے لگا۔ کسی نے کہا فقیر جی کسی دروازے پر سوال کیجئے۔ یہاں کھانا نہیں ہے اندھے نے کہا کہ یہ کسی بخیل کا گھر ہے۔ جہاں فقیر کو نہیں ملتا۔ اس نے کہا فقیر جی خدا کا گھر ہے مسجد ہے یہاں نماز ہوتی ہے۔ کھانا نہیں ہوتا۔ اندھے نے کہا کہ اس سے زیادہ غنی اور سخی کون ہوگا۔ میں اندھا تھا میں اسے انسان کا گھر جانتا تھا۔ میری قسمت مجھے ایسی جگہ لے آئی کہ اس سے زیادہ سخی اور غنی کوئی نہیں ہوتا تو اب کسی دروازے پر نہ جاؤں گا۔ مسجد کے دروازے پر پڑ گیا۔ کسی نے دریافت کیا کہ یہاں کیوں پڑے ہو۔ فقیر نے کہا میں رزق کی تلاش کر رہا تھا مجھے رزق نہیں ملا۔ ہاں رزاق مل گیا۔

ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ

عمل مجرب

زمانہ بہت نازک ہے جو برسرِ روزگار ہے اس کی زندگی پریشان ہے اب جو بیکار ہے تو اس کی حالت تو جو نہ ہو اس کا ذکر بیکار ہے ملازمت کا دروازہ ایسا بند ہے کہ کہیں سے کہیں تک ملازمت نہیں ملتی۔ یہ عمل

...ت اثر والا ہے۔ اگر کوئی صاحب بیکار ہیں۔ کام یا نوکری نہیں ملتی تو وہ ...ل کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ ان کی پریشانی جاتی رہے گی۔ خدا ...م یا نوکری کا بندوبست فرما دے گا۔ بہت سریع الاثر ہے ابھی چالیس دن ...ہیں ہوتے کہ خدا پہلے ہی کامیاب فرما دیتا ہے نقش باوضو لکھا کرو ...ہیں۔ نہ کوئی مہینہ دن تاریخ وقت مقرر ہے جب ...ہیز اس میں نہیں۔ نہ کوئی



...شروع کرو تو پہلے دن ایک ...نقش لکھو۔ دوسرے دن دو ...تیسرے دن تین یعنی روزانہ بڑھاتے ...جاؤ پچیسویں دن پچیس نقش لکھنا ...ہوں گے خدا چاہے تو اسی دن میں کوئی صورت غیب سے پیدا ہو گی۔ ...جس سے آپ کی پریشانی دور ہو گی اور دل کو اطمینان ہو گا اب خدا نہ کرے ...پچیس دن میں کوئی اثر معلوم نہیں ہوتا تو دوسرے دن پھر پچیس نقش لکھو۔ ...تیسرے دن اکیس پھر اٹھارہ یعنی جس طرح روزانہ ایک کا اضافہ ...کرتے تھے اسی طرح ایک کم کرتے جاؤ۔ انشاء اللہ آپ کامیاب ہونگے ...بہت تکلیف دہ ہوتا ہے اور اس زمانہ میں تو قرض کا

قرض: — ادا ہونا مشکل ہی بن گیا ہے۔ ہاں خدا مدد کرے تو مشکل ...نہیں ہے۔ سورۃ اذا جاء نصر بعد نماز صبح پچاس مرتبہ پڑھنا شروع کریں ...اگر قرض آپ کی توفیق سے زیادہ ہے تب بھی خدا کی مدد شامل ہو کر قرض ...ادا ہونے کا سامان غیب سے ہو جاتا ہے۔